مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

مئی 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفہ روحانیات

ماہر روحانیات کا چکوال میں محفل مراقبہ اور روحانی وظائف کا فیض

رمضان المبارک عبادتوں، رحمتوں، برکتوں بھرا مہینہ

کالے علم کے ماہر نے توبہ کر لی، جنات کی روحانی واردات

لوبان، ہرمل بھگائے مکھی مچھر اور کھٹمل

گنے کا استعمال قوت و طاقت کا خزانہ

خوفناک حادثہ سے بال بال بچ گیا

تنخواہ دار ملازم کیسے امیر ہو گیا؟

وظیفہ کریں ملازمت میں ترقی پائیں

دشمن افسر بھی آپکی عزت کریں گے

دشمن کی جائیداد، عمارت تباہ ہو جائے

رمضان کریم

تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ گروپ

روحانی حاضرات سے خفیہ معلومات لیں

بدکار عورت کی بدکاری بند ہو جائے

مریخ کی قوت، طاقت کے پہاڑ

سیارہ زہرہ کا عروج اور محبت میں کامیابی

جادوگروں کے خوفناک کالے علم کا توڑ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی، بیروزگاری، پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت، مفلسی، بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ھدیہ 7200 روپے

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

لوح شرف مشتری اور قرض نجات

غربت اور مفلسی ایک ایسا عذاب ہے جس سے نجات کیلئے اس مصیبت میں گرفتار شخص وقتی طور پر کچھ ذہنی سکون حاصل کرنے کیلئے کسی نہ کسی طرح کہیں سے قرض حاصل کر لیتا ہے اور پھر تمام عمر اُس قرض کی قسطیں ادا کرتا رہتا ہے یا پھر پہلے قرض کو اتارنے کیلئے مزید قرضہ لیتا ہے ایسے پریشان حال لوگوں کیلئے عرض کروں کہ ان کے زائچہ پیدائش میں مشتری حالت رجعت میں ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ مشتری کی یہ گردش ساری عمر صاحب زائچہ پر ایسی اثر انداز ہوتی ہے کہ وہ قرض پر قرض لے کر اس کے وزن تلے دبا جاتا ہے شرف مشتری اللہ کی طرف سے ایسے پریشان کُن لوگوں کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے جو کہ قرض سے نجات چاہتے ہوں سیارہ مشتری کی اس نحس حالت کو ختم کرنے کیلئے لوح مشتری قرض سے نجات کیلئے تیار کی جاتی ہے جس میں خاص قرآنی آیات کی برکت اور تاثیر اس قدر ہوتی ہے کہ بہت مختصر وقت میں لوح مبارکہ اپنا اثر تیزی سے ظاہر کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے قرض سے نجات مل جاتی ہے

ھدیہ 7200 روپے

لوح شرف مشتری اور حصول انعام

ھدیہ 9200 روپے

جو لوگ عرصہ دراز سے انعامی اسکیموں میں حصہ لے رہے ہیں مگر ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا بلکہ محنت کی کمائی انعامی اسکیموں میں لگا کر پھر خالی ہاتھ بیٹھ جاتے ہیں میری ایسے بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنا زائچہ پیدائش بنوائیں میں یقین سے کہتا ہوں کہ اُن کے زائچہ میں مشتری نحس حالت یعنی نظر مقابلہ، تربیع یا نحس قران کے درجات پر موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں اور اپنی مالی پریشانیوں کو ختم کرنے کیلئے انعامی اسکیموں کا سہارا لیتے ہیں پھر بھی انعام اُن کے قریب سے ہو کر گزر جاتا ہے۔ 12 سال بعد اس خاص موقع پر تیار کی جانیوالی لوح مشتری برائے حصول انعام یقیناً آپکو انعامی دولت سے مالا مال کر دے گی بلکہ آئندہ بھی آپ انعامی اسکیموں میں فاتح ہونگے۔ یہ خاص لوح شرف مشتری کا وقت گزرنے کے بعد تیار نہ کی جا سکے گی کیونکہ 12 سال بعد جو اس لوح کے بنانے میں قوت ہوتی ہے وقت شرف مشتری گزرنے کے بعد وہ قوت اور تاثیر کبھی دوبارہ نہ ملے گی۔

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 مئی 2018ء شمارہ نمبر 11

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلا ایکسپریس نیوز چینل ڈائریکٹر
ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس) عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بنگش
شہزادر ضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
ماہر روحانیات، چکوال میں مراقبہ	3	لوبان، ہرمل بھگائے مکھی، مچھر	28
رمضان المبارک	6	زکوۃ حروف نورانی	29
فضائل رمضان الکریم	7	آسان عملیات	30
جنات کی روحانی واردات	10	تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ	31
ملکی و غیر ملکی سیاسی حالات	12	گنے کا استعمال قوت وطاقت	33
ستاروں کی چال، وظیفے کا کمال	14	یہ ماہ کیسا رہیگا	34
(انٹرویو) سید سبطین حیدر گیلانی	17	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
جادوگروں کے خوفناک	19	روزانہ کے لکی نمبر	41
زہرہ مشتری تثلیث	22	مئی کے لکی نمبر	42
شرف مریخ	23	پیغامات	45
روحانی حاضرات، خفیہ معلومات	25	آپکی ڈاک	46
لوح غلبہ قوت ونصرت	27	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان ما بہ جنت اعلیٰ برابر است　　آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

شعبان، زکات سورۃ مزمل

شعبان المبارک رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے اس ماہ اللہ کی طرف سے بے شمار تحائف بھیجے گئے ہیں رمضان المبارک آئندہ مہینہ ہے جو کہ رحمتوں اور برکتوں والا ہے اس ماہ میں بھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے خصوصی رحمت نازل ہوتی ہے 15 شعبان شب برات ہے اس رات زکات سورۃ مزمل کی ادائیگی نہایت پُر اثر ہے۔ شعبان کے نفلی روزے اس ماہ رکھنا نہایت روحانی اثرات ظاہر کرتا ہے۔ شعبان المبارک میں سورۃ مزمل کی زکات ادا کرنے کیلئے اس رات کو سورۃ مزمل 117 بار پڑھی جائیگی نیت 1 سال زکات کی ادائیگی کی رکھی جائے۔ اور لو آخر درود مزمل 117 بار پڑھا جائیگا۔

منجانب:۔ ادارہ

حمد

دل رفتہ جمال ہے اس ذوالجلال کا
مستجمع جمیع صفات و کمال کا

ادراک کو ہے ذات مقدس میں دخل کیا
اُدھر نہیں گزار گمان و خیال کا

حیرت سے عارفوں کو نہیں راہ معرفت
حال اور کچھ ہے یاں اُنہوں کے حال و قال کا

ہے قسمت زمین وفلک سے غرض نمود
جلوہ وگرنہ سب میں ہے اسکے جمال کا

مرنے کا بھی خیال رہے میر اگر تجھے
ہے اشتیاق جان جہاں کے وصال کا

میر تقی میرؔ

ماہر روحانیات کا چکوال میں محفل مراقبہ اور روحانی وظائف کا فیض

تحریر:۔ایاز اشرف سیال (چکوال)

تمام دوستوں، عزیزوں شائقین روحانیات، طالبان روحانیات کو میرا سلام!

پیارے دوستوں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں چند برس قبل ایک مضمون کا سلسلہ شروع کیا تھا جسے قارئین خوب سراہا۔ **چکوال میں تحفہ روحانیات کے قارئین کی کثیر تعداد موجود ھے**۔ میرے حلقہ احباب میں بھی شائقین روحانیت کی کثیر تعداد ہے۔ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کا باقاعدگی سے مطالعہ کرتے ہیں۔ جو کچھ میں نے استادان گرام سے سیکھا اپنے حلقہ احباب میں اُسکا فیض تقسیم کر رہا ہوں کیونکہ لاتعداد ایسے پریشان حال لوگ ہیں جو کہ تحفہ روحانیات کی وجہ سے مجھ سے اکثر و بیشتر رابطے میں رہتے ہیں اور یہ رابطے کا سلسلہ بڑھتا گیا اور باقاعدہ طور پر ایک محفل کی شکل اختیار کر گیا۔ ہم سب روحانی دوستوں مل کر روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے مضامین پر تبصرہ کرتے، اسی دوران یہ فیصلہ کیا کہ اپنی اس روحانی محفل میں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کو ہر ماہ باقاعدہ دعوت دی جائے کہ وہ شائقین روحانیات کو باقاعدہ براہ راست مراقبہ کی تربیت دیں وظائف کے بارے میں بتائیں مسائل سُنیں اور اُنکا حل بھی تجویز کریں دو ہفتہ قبل ہم چند دوستوں نے ماہر روحانیات سے بالمشافہ ملاقات کا پروگرام ترتیب دیا، ملاقات کی غرض سے اسلام آباد روانہ ہوگئے۔ ماہر روحانیات نہایت شفقت سے پیش آئے اس دوران دوستوں نے روحانیات بارے چند اہم سوالات کئے ماہر روحانیات نے ان سوالات کے تسلی بخش جواب دیئے ہم اپنے مقصد کی طرف آئے عرض کی کہ ہماری خواہش ہے کہ آپ چکوال کیلئے بھی کچھ وقت نکالیں کیونکہ بہت سے دوست احباب ایسے بھی ہیں جو کہ آپ سے ملاقات کا شرف حاصل نہیں کر سکتے۔ اُن دوستوں کی بھی خواہش یہی ہے کہ آپ ہماری روحانی تربیت فرمائیں کیونکہ آج کے دور میں روحانی علوم کا اتنا خزانہ اور روحانیت پر اتنی گرفت گنے چُنے لوگوں کے پاس ہے اور جن کے پاس ہے وہ آپکی طرح سے مخلص، شفیق اور مہربان نہیں۔ اگر آپ ہماری خواہش کے مطابق ہمارے حلقہ روحانی کو براہ راست روحانی تربیت دیں، مراقبہ کروائیں، سورۃ مزمل کے فضائل سے آگاہ کریں تو ہماری خوش بختی ہوگی۔

ماھر روحانیات نے اپنی مصروفیات کا ذکر کیا کہ میرے لئے بہت مشکل ہو جائیگا لیکن تمام دوستوں کے بے حد اسرار پر چکوال میں روحانی محفل مراقبہ کی سرپرستی کیلئے حامی بھر لی۔

12اپریل بروز جمعرات چوہدری سرفراز صاحب کی حویلی پر محفل مراقبہ اور محفل نعت کا اہتمام کیا گیا۔ ہم نے چکوال پہنچتے ہی تشہیری بینر آویزاں کر دیئے۔ اہلیان چکوال نے بذریعہ فون رابطہ کرنا شروع کر دیا 12 اپریل جمعرات بھی آگئی کہ ماہر روحانیات چکوال تشریف لائے پُر تپاک استقبال کیا گیا۔ اہلیان علاقہ میں روحانی خوشی اُنکے چہرہ پر نمایاں تھیں مرد خواتین، جوان اور بوڑھے تمام پُر جوش نظر آرہے تھے۔ حویلی کا رقبہ زیادہ تھا اس لئے باآسانی تمام لوگ مرد و خواتین اس محفل میں شامل ہوگئے۔ تلاوت قرآن پاک سے محفل کا آغاز کیا گیا چکوال کے مشہور نعت خواہاں حضرات نے تقریباً 45 منٹ تک حمد و نعت پڑھ کر حاضرین کی روحانی کیفیت کو تقویت دی۔ نعت خوانی کے بعد مولانا معصب حسین ساقیے روحانیت اور شب معراج کی نسبت سے پُر جوش روحانی خطاب کیا۔ خطاب کے بعد اسٹیج پر ماہر روحانیات جلوہ افروز ہوئے حاضرین و شائقین روحانیات کے چہروں پر خوشی کے آثار نمایاں تھے۔ ماہر روحانیات نے سورۃ مزمل کی پہلی 5 آیات کی تلاوت فرمائی ترجمہ اور مختصر تفسیر بیان فرمائی۔ اسکے ساتھ مراقبہ کی اہمیت، افادیت اور ضرورت پر بیان فرمایا اس کے علاوہ ہماری پریشانیوں کی وجہ، مشکلات، مصائب اللہ کی طرف سے نازل ہونے کی وجہ بھی بیان فرمائی۔ جب آپ بیان فرما رہے تھے تو پنڈال میں سناٹا تھا روحانی سرور اور کیفیت اپنے جوش پر تھی۔ پھر وہ لمحہ آگیا جب آپ نے تمام حاضرین محفل کو دوزانو مراقبہ کی نشست جمانے کی تربیت دی **دلوں کو کثافت سے پاک، صاف اور اللہ کے نور سے منور کرنے کیلئے مراقبہ ضروری ھے۔ مراقبہ روح کی غذا ھے، آپ نے مزید ارشاد فرمایا کہ مراقبہ اللہ تک پہنچے کا بہترین ذریعہ ھے** پھر چند دینی اسلامی واقعات، پیغمبران اکرام اور اولیاء اکرام کے مراقبہ متعلق کچھ واقعات ارشاد فرمائے۔ حاضرین محفل کو

سات گہرے سانس لینے کا طریقہ بتایا۔ تمام لائٹیں بند کروادی گئی دل میں جھانکنے کو کہا گیا آنکھیں مکمل بند کیں اس وقت جو روحانی سرور کی کیفیت تھی اُس کیفیت کو لفظوں میں بیان کرنا ناممکن ہے یوں لگ رہا تھا کہ جیسے ماہر روحانیات کے زیرنگرانی اس مختصر مراقبہ میں مجھے کئی روحانی منازل طے کروا دی گیں۔ اپنی روح میں نور کا سمندر محسوس کر رہا تھا۔ گنبد خضریٰ سے نور ہی نور برس رہا تھا یہ ایسی کیفیت تھی کہ جسے اُس محفل میں موجود میرے کئی دوستوں نے محسوس کیا۔

مراقبہ کے بعد ماہر روحانیات نے اسی پُرکیف روحانی سرور میں دعا کروائی۔ دوستو آپ خود تصور کریں پُرسکون روحانی کیفیت ہو، روشنیاں بند ہوں روحانی سرور ہو اور پھر رقت آمیز لہجہ میں دُعا ہو جس میں گناہوں کی معافی کے طلبگار ہوں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ توبہ کی جائے آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد کیا جائے۔ اس پُرکیف روحانی کیفیت میں تمام حاضرین سر جھکائے آنکھیں بند کئے اللہ کے حضور حاضر ہوں۔ روشنی میں ایک دوسرے سے شرم آتی ہے۔ روتے ہوئے سسکیاں لیتے ہوئے لیکن اندھیرے میں اللہ کے حضور کون کتنا گڑگڑایا اور رویا اُس وقت کی روحانی کیفیت لفظوں میں سمیٹنا ناممکن سی بات ہے۔

دُعا کے بعد حاضرین محفل ماہر روحانیات سے مصافحہ کیلئے بے چین تھے۔ بزرگ، جوان اور بچوں نے مصافحہ کیا خواتین پردہ میں موجود تھیں۔ زنانہ حصہ میں کھانا شروع کروا دیا گیا جیسے ہی خواتین نے کھانے سے فراغت پائی تو مرد حضرات کیلئے کھانا لگوا دیا گیا۔ کھانے کے بعد ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب ابھی اپنی نشست سے اُٹھ بھی نہ پائے تھے کہ سائلین کا جم غفیر آپکے گرد ایک بار پھر جمع ہوگیا۔ یہ ہمارے لئے اعزاز کی بات تھی کہ ماہر روحانیات براہ راست بڑی توجہ کے ساتھ سائلین کے سوالات کا قرآن پاک کی آیات، اسم الٰہی یا صدقات اُنکے مسائل کے مطابق تجویز فرما رہے تھے۔ اگر ایک سائل کے مسئلے کا مختصر جواب نہ دیا جاتا تو یقیناً صبح ہوجاتی۔ سائلین کا رش کم ہوا تو حلقہ احباب جن میں میرے خاص دوست محترم صوبیدار نیاز حسین، محترم سرفراز حسین، محترم منعم حسین، محترم وقاص احمد، محترم لیاقت شہزاد، محترم صباء بٹ، محترم محمد رؤف، محترم ثاقب حسین، محترم شہباز صاحب اور محمد علی سیالوی صاحب شامل تھے ملاقات کیلئے ماہر روحانیات کی خدمت میں شرف ملاقات کی غرض سے حاضر ہوئے۔ دوستوں کو بھی اپنے دنیاوی مسائل اور پریشانیوں کے بارے میں روحانی حل معلوم کرنا تھا ماہر روحانیات نے نہایت شفقت اور نرم لہجہ میں الگ الگ ہر ایک دوست کو اُسکے مسئلے کا روحانی حل تجویز فرمایا۔

ان شاء اللہ آئندہ ماہ مئی میں ماہر روحانیات کو محفل مراقبہ کی دعوت دی جائیگی کیونکہ روحانی پیاس ابھی تک بجھی نہیں ہے۔ تشنگی باقی ہے۔

یہ ہم لوگوں کی خوش قسمتی ہے کہ ماہر روحانیات کی شفقت سے ہم مراقبہ کے بنیادی اصولوں کو جان سکے۔ خواہش ہے کہ اسی طرح چلہ کشی اور روحانی اصول اور قاعدے بھی جان جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ماہر روحانیات کا سایہ ہمیشہ ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے

ادارہ روحانیات اور تحفہ روحانیات تا قیامت اسی طرح طالبان روحانیات میں اپنا فیض جاری کرتے رہیں۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 26 مئی 18:39 تا 29 مئی 03:28

ھبوط قمر: 26 مئی 22:22 تا 00:14

قمر در ثور: 13 مئی 23:15 تا 16 مئی 01:43

شرف قمر: 14 مئی 02:41 تا 04:24

شادی بیاہ کی تاریخیں

1.2.3.6.7.8.9.13.14.16.17.22.23.30

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

رمضان المبارک

عبادتوں رحمتوں برکتوں بھرا مہینہ

تحریر:۔ ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

رمضان المبارک قمری مہینوں میں سے نواں مہینہ ہے اللہ تعالیٰ نے اس ماہ مبارک کی اپنی طرف خاص نسبت فرمائی ہے حدیث مبارکہ ہے کہ ''رمضان شہر اللہ'' رمضان اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس مبارک مہینہ سے رب ذوالجلال کا خصوصی تعلق ہے جس کی وجہ سے یہ مبارک مہینہ دوسرے مہینوں سے ممتاز اور جدا ہے اس ماہ سے خصوصی تعلق سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تجلیات خاصہ اس مبارک ماہ میں اس درجہ نازل ہوتی ہیں گویا موسلا دھار بارش کی طرح برستی رہتی ہیں۔

حدیث مبارکہ ہے کہ رمضان ایسا مہینہ ہے کہ اس کے اول حصہ میں حق تعالیٰ کی رحمت برستی ہے جس کی وجہ سے انوار و اسرار کے ظاہر ہونے کی قابلیت و استعداد پیدا ہو کر گناہوں کے ظلمات اور معصیت کی کثافتوں سے نکلنا میسر ہوتا ہے اور اس مبارک ماہ کا درمیانی حصہ گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے اور اس ماہ کے آخری حصہ میں دوزخ کی آگ سے آزادی حاصل ہوتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ رمضان کی جب پہلی رات ہوتی ہے تو شیاطین کو بند کر دیا جاتا ہے اور مضبوط باندھ دیا جاتا ہے اور سرکش جنوں کو بھی بند کر دیا جاتا ہے اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اسکا کوئی بھی دروازہ نہیں کھولا جاتا اور بہشت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ اس کا کوئی بھی دروازہ بند نہیں کیا جاتا اور ایک آواز دینے والا آواز دیتا ہے اے نیکی کے طالب آگے بڑھ کہ نیکی کا وقت ہے اور اے بدی کے چاہنے والے بدی سے رک جا اور اپنے نفس کو گناہوں سے باز رکھ۔

روزہ وہ عظیم فریضہ ہے جسکو رب ذوالجلال نے اپنی طرف منسوب فرمایا ہے اور قیامت کے دن رب تعالیٰ اس کا بدلہ اور اجر بغیر کسی واسطہ کے بذات خود روزہ دار کو عنایت فرمائیں گے۔ چنانچہ حدیث قدسی میں ارشاد ہے

''الصوم لی وانا اجزی به'' روزہ میرا ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دونگا۔

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے فرمایا کہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی بو سے زیادہ پسندیدہ ہے گویا روزہ دار اللہ تعالیٰ کا محبوب ہو جاتا ہے۔ کہ اس کے خلوف (منہ کی بو) بھی اللہ تعالیٰ کو پسند اور خوشگوار ہوتی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جنت کو شروع سال سے آخر سال تک رمضان المبارک کی خاطر آراستہ کیا جاتا ہے اور خوشبوؤں کی دھونی دی جاتی ہے پس جب رمضان المبارک کی پہلی رات ہوتی ہے تو عرش کے نیچے سے ایک ہوا چلتی ہے جس کا نام مثیرہ ہے جس کے جھونکوں کی وجہ سے جنت کے درختوں کے پتے اور کواڑوں کے حلقے بجنے لگتے ہیں جس سے ایسی دل آویز سریلی آواز نکلتی ہے کہ سننے والوں نے اس سے اچھی آواز کبھی نہیں سنی۔ پس خوشنما آنکھوں والی حوریں اپنے مکانوں سے نکل کر جنت کے بالا خانوں میں کھڑی ہو کر آواز دیتی ہیں کہ ہے کوئی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہم سے منگنی کرنے والا تا کہ حق تعالیٰ شانہ اس کو ہم سے جوڑ دیں۔ پھر وہی حوریں جنت کے دروغہ سے پوچھتی ہیں کہ یہ کیسی رات ہے وہ لبیک کہہ کر جواب دیتے ہیں۔ اے خوبصورت اور خوب سیرت عورتوں یہ رمضان المبارک کی پہلی رات ہے اور حق تعالیٰ شانہ رضوان (جنت کے دروغہ) سے فرماتے ہیں۔ کہ جنت کے دروازے محمد ﷺ کی اُمت کے روزہ داروں کیلئے کھول دو اور جہنم کے دروغہ مالک سے فرماتے ہیں محمد ﷺ کی اُمت کے روزہ داروں پر جہنم کے دروزے بند کر دو اور حضرت جبرائیلؑ کو حکم ہوتا ہے کہ زمین پر جاؤ اور سرکش شیاطین کو قید کرو اور گلے میں طوق ڈال کر دریا میں پھینک دو کہ میرے محبوب ﷺ کی اُمت کو روزہ داروں کو خراب نہ کریں۔

رمضان کے اس مبارک ماہ کی ان تمام فضیلتوں کو دیکھتے ہوئے مسلمانوں کو اس مہینہ میں عبادتوں کا خاص اہتمام کرنا چاہیے اور کوئی لمحہ ضائع اور بیکار جانے نہیں دینا چاہیے شب و روز کے اوقات کو صالح اعمال کے ساتھ مزین اور معمور رکھنے کی سعی اور کوشش میں مصروف رہنا چاہیے اور دوسرے مہینوں کی دائمہ عبادات کے ساتھ بعض دوسری عبادات کو اس ماہ مبارک میں مقرر کرنے سے شریعت کی یہی غرض معلوم ہوتی ہے کہ اس ماہ مبارک کا ہر لمحہ اور گھڑی عبادت و ریاضت میں گزرے لیکن حاجت بشریہ میں گھرے ہوئے انسان کیلئے یہ ناممکن تھا کہ وہ اپنے کاروبار اور بشریت کے تقاضوں سے علیحدہ ہو کر ہمہ وقت عبادات میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اس لئے انسانوں کے ضعف اور انکی ضروریات طبعیہ پر نظر فرماتے ہوئے رب تعالیٰ کی رحمت نے دستگیری فرمائی اور اس ماہ مبارک میں ایسے انداز میں عبادات کو فرض کے طور پر متعین فرما دیا کہ انسان اس عبادت کے ساتھ اپنی تمام ضروریات و حوائج میں بھی مصروف رہ سکتا ہے اور عین اس خاص طریقہ عبادت میں بھی مشغول ہو سکتا ہے۔

فضائل رمضان کریم

تحریر: نبیل عزمی (ملتان)

رمضان المبارک کا مہینہ ہر سال اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے مغفرتوں، برکات اور رحمتوں کو اپنے جلوں میں لے کر آتا ہے۔ دنیائے اسلام میں رمضان المبارک بڑے خوبصورت اور جذباتی انداز میں گزارا جاتا ہے۔ مسلمان اللہ تبارک وتعالیٰ سے اپنے تعلق کی تجدید کے لیے اپنے آپ تیار کرتے ہیں۔ جہاں پر رمضان المبارک کا مقدس مہینہ بڑی گہما گہمی سے گزرتا ہے وہیں پر اس کی آمد سے قبل ہی لوگ مختلف انداز میں رمضان المبارک کے لیے اپنے آپ کو آمادہ و تیار کرتے ہیں۔ مردوں کے ساتھ ساتھ عورتیں اور بچے بھی اس کی آمد پر انتہائی خوشی اور مسرت محسوس کرتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی سحری اور افطاری کی تیاری کے لیے اشیائے خورونوش کو بڑے پیمانے پر خرید کر جمع کر لیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نماز تراویح کی ادائیگی کے لیے مرد نئے ملبوسات بھی تیار کرتے ہیں؛ تاہم اس بات کو محسوس کیا جاسکتا ہے کہ رمضان المبارک میں دینی اور روحانی اعتبار سے ترقی کے لیے جس انداز میں منصوبہ بندی کرنی چاہیے اس کا بھرپور طریقے سے اہتمام نہیں کیا جاتا۔ گو رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ روحانی اور دینی ترقی کے دروازے کھل جاتے ہیں لیکن اگر ماہ مبارک کی آمد سے قبل ہی اس کے لیے اپنے آپ کو تیار کر لیا جائے تو بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ رمضان المبارک کی آمد سے قبل کی جانے والی تیاریوں میں درج ذیل امور کو ترجیحی بنیادوں پر اہمیت دینے کی ضرورت ہے۔

1۔ قرآن مجید کی تعلیم کا اہتمام: رمضان المبارک کے مہینے کا قرآن مجید کے ساتھ انتہائی گہرا تعلق ہے۔ اسی ماہ مبارک کی آخری عشرے کی ایک طاق رات میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن مجید کو لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر نازل فرمایا۔ قرآن مجید رہتی دنیا تک لوگوں کے لیے اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے آخری پیغام ہے۔ رمضان المبارک کی مقدس ساعتوں میں اپنی دیگر مصروفیات کے مقابلے میں قرآن مجید کی تعلیمات کا زیادہ سے زیادہ اہتمام کرنا چاہیے۔ اس کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کے معنی، اس کے مطالب پر غور کرنا انتہائی مفید ہے۔ اگر یہ مہینہ شروع ہونے سے پہلے ہی بعض ماہرین قرآن اور بعض اچھی درس گاہوں کو چن لیا جائے تو رمضان المبارک کے مہینے میں قرآن مجید کی تعلیم کو نہایت احسن انداز میں حاصل کیا جاسکتا ہے۔

2۔ تراویح: ہمارے معاشرے میں قرآن مجید کو اچھے انداز میں پڑھنے والے قارئین کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اچھے انداز میں قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے قاریوں کی اقتدا میں نماز ادا کرنے سے تراویح کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی اگر انسان ایسے مراکز اور مساجد کا تعین کر لے جن میں احسن انداز میں تراویح کا اہتمام کیا جاتا ہے تو یقیناً رمضان کی روح پرور ساعتوں سے بہتر انداز میں استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

3۔ زکوٰۃ و صدقات کی ادائیگی کیلئے کاروباری حجم کا تجزیہ: اللہ تبارک وتعالیٰ نے مسلمانوں پر سال میں ایک مرتبہ زکوٰۃ کی ادائیگی کو لازم کیا ہے۔ زکوٰۃ انسان کے حاضر کاروباری مال کا چالیسواں حصہ یا ڈھائی فیصد ہوتی ہے۔ انسان اگر صحیح معنوں میں اپنے کاروباری حجم کا حساب و کتاب لگائے تو زکوٰۃ احسن طریقے سے ادا کر سکتا ہے۔ اگر اس مسئلے میں تساہل یا سستی کا مظاہرہ کیا جائے تو رمضان المبارک میں زکوٰۃ کی ادائیگی احسن طریقے سے نہیں ہو سکتی۔ رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی انسان کو اپنے کاروباری حجم کا تخمینہ لگانا شروع کر دینا چاہیے تاکہ رمضان المبارک کی آمد پر صحیح طریقے سے زکوٰۃ ادا کی جا سکے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے حوالے مستحق لوگوں کا ترجیحی انداز میں تعین کرنا بھی انتہائی ضروری ہے۔ زکوٰۃ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ایک فریضہ ہے جو مستحق اور نادار لوگوں کا حق ہے۔ کئی پیشہ ور لوگ مستحق اور نادار لوگوں کی حق تلفی کے مرتکب ہوتے ہیں اور ان تک زکوٰۃ کے مال کے پہنچنے سے قبل ہی راستے میں اس مال لے اُڑتے ہیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کی اگر صحیح طریقے سے منصوبہ بندی کی جائے اور مستحق اور نادار لوگوں تک اس کو پہنچانے کا اہتمام کیا جائے تو چند ہی سالوں میں معاشرے میں نادار اور غریب لوگوں کی تعداد میں خاطر خواہ کمی واقع ہو سکتی ہے۔ زکوٰۃ اور صدقات اسلامی معاشرے کے کمزور اور مفلوک الحال لوگوں کی بحالی کے لیے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں؛ لیکن بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں زکوٰۃ کی ادائیگی کا اہتمام نہیں ہے جس کی وجہ سے ہمارے معاشرے میں غربت اور افلاس کی سطح میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ رمضان

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457 — ادارہ روحانیات

المبارک کی آمد سے قبل ہی منظم انداز میں ان معاملات کا تجزیہ کیا جائے تو معاشرے میں موجود غربت میں خاطر خواہ کمی واقع ہوسکتی ہے۔

4۔ عمرہ اور زیارتِ مدینہ کا اہتمام اللہ تبارک وتعالیٰ نے بہت سے لوگوں کو مال کی نعمت سے نوازا ہے۔ اگرچہ سال کے کسی بھی موقع پر بیت اللہ شریف کا عمرہ اور مدینہ طیبہ کی زیارت کی جاسکتی ہے' لیکن رمضان المبارک میں عمرہ کرنا یقیناً باقی ایام کے مقابلے میں زیادہ سعادت کی بات ہے۔ حدیث مبارکہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ رمضان المبارک میں عمرہ کرنے والے شخص کو اتنا اجر وثواب حاصل ہوتا ہے گویا کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معیت میں حج ادا کیا ہو۔ جس شخص کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تونگری اور مال کی نعمت سے نوازا ہو وہ عمرے کی ادائیگی کے ذریعے رمضان المبارک کے ان ایام میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمتوں کو وسیع پیمانے پر سمیٹ سکتا ہے؛ چنانچہ رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی عمرے کی سعادت حاصل کرنے کا اہتمام کرلینا چاہیے تاکہ رمضان المبارک کے ایام کو زیادہ سے زیادہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی قربت کے حصول کے لیے استعمال کیا جاسکے۔

5۔ اعتکاف: رمضان المبارک کی عبادات میں سے ایک انتہائی اہم عبادت اعتکاف بھی ہے۔ آخری عشرے کے اعتکاف کے دوران انسان تنہائی میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی قربت کے حصول کے لیے جستجو کرتا ہے' اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے اور اپنے معمولات میں بہتری لانے کیلئے غور وفکر کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے گھروں میں وقت گزارنے کی وجہ سے انسان میں نیکی کا جذبہ اور استعداد پہلے کے مقابلے میں بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے اور اگر اعتکاف کے دوران حاصل کی گئی تربیت اور پختہ عزائم کو بعد ازاں بحال رکھا جائے تو انسان کی زندگی میں بہت بڑا انقلاب رونما ہوسکتا ہے۔ بعض مساجد میں اعتکاف کرنے والوں کے لیے بہترین سہولیات کا بندوبست کیا جاتا ہے اور ان کو اپنے گھروں سے سحری اور افطاری منگوانے کی بجائے مدارس اور مساجد کی سطح پر سحری اور افطاری کی سہولیات میسر ہوتی ہیں؛ جس کی وجہ سے بندہ یکسو ہوکر اللہ تبارک و تعالیٰ کی عبادت کرسکتا ہے؛ چنانچہ اعتکاف کے لیے بھی انسان کو رمضان سے قبل ہی اپنی تیاریوں کو مکمل کرلینا چاہیے تاکہ وہ رمضان المبارک کی مقدس ساعتوں میں بہتر انداز میں اعتکاف کرسکے۔ اعتکاف ہی کے دوران انسان کو لیلۃ القدر کی ساعتیں بھی میسر آجاتی ہیں۔ جس نے لیلۃ القدر کی ساعتوں کو پالیا اس کو ایک ہزار مہینے کی عبادت کا ثواب حاصل ہوتا ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے سابق تمام گناہوں کو معاف کردیتے ہیں۔

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اپنے جلو میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمتوں کو سمیٹے ہوئے آتا ہے۔ اس مہینے میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمتیں، بخششیں اور عطائیں اپنے پورے عروج پر ہوتی ہیں جو شخص اس مہینے میں اللہ تبارک و تعالیٰ کو راضی کرنا چاہے' یا اپنے گناہوں کو معاف کروانا چاہے تو اس کیلئے نیکیوں کے اس موسم بہار میں ہر طرح کی نیکیاں سمیٹنے کے تمام امکانات موجود ہیں۔ حدیث پاک کے مطابق وہ شخص بدنصیب ہے جو رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بھی اپنے گناہوں کو نہیں بخشواتا۔ رمضان المبارک کی آمد سے قبل اگر اس کے استقبال کے لیے صحیح منصوبہ بندی کرلی جائے تو اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل ورحمت سے ہم صرف اس مہینے کو ہی کامیابی سے نہیں گزاریں گے بلکہ اس کے بعد آنے والے ایام پر بھی رمضان المبارک میں گزری ہوئے ساعتوں کے گہرے اثرات مرتب ہوں گے۔

سورہ زاریات میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس امر کی وضاحت کی ہے کہ انسانوں اور جنات کی تخلیق کا مقصد اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت کرنا ہے۔ دنیا کے جھمیلوں میں پھنس کر انسان اکثر مقصد تخلیق کو فراموش کردیتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ انسان کو ایسے مواقع گاہے فراہم کرتے رہتے ہیں جن کے ذریعے اس میں پیدا ہونے والی کمزوری کو رفع کیا جاسکے۔ نماز، حج، زکوٰۃ کی ادائیگی کی طرح ہر سال رمضان المبارک کے مہینے میں روزے رکھ کر انسان اسی مقصدِ تخلیق کی تکمیل کی جستجو کرتا ہے۔ رمضان کا مہینہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمتوں کو سمیٹنے کا بہت بڑا موقع فراہم کرتا ہے۔

ماہِ رمضان المبارک کو جو اعزاز حاصل ہوا اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے ایک میں قرآن مجید کو لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر نازل فرمایا۔ نزول قرآن مجید انسانی تاریخ کا بہت بڑا واقعہ تھا۔ اس کے نتیجے میں جزیرالعرب میں انقلاب آگیا۔ بتوں کے آستانے پر جھکنے والے لوگ توحید باری تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے، بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے والے، عورتوں کی عزت کے محافظ بن گئے، شراب کے نشے میں دھت رہنے والے، اس طرح ہوش میں آئے کہ ان پر پھر کبھی مدہوشی طاری نہیں ہوئی۔ جوئے، قتل وغارت گری اور دیگر غلط کاریوں میں مصروف رہنے والے لوگ ان تمام افعال قبیحہ سے محفوظ ہوکر صراط مستقیم کے راستے پر گامزن ہوگئے۔ نزول قرآن مجید کے سبب لیلۃ القدر کو یہ اعزاز حاصل ہوا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسے ہزار مہینوں کے برابر بلکہ اس سے بھی بہتر بنا دیا اور اسی طرح رمضان المبارک کے مہینے کو بھی اللہ تبارک وتعالیٰ نے ایک امتیازی شان عطا فرمادی۔

رمضان المبارک میں کی جانے والی سب سے اہم فرضی عبادت یہ ہے کہ پورا مہینہ روزے رکھے جائیں۔

ان دو فرض عبادات کے ساتھ رمضان المبارک میں بہت سی ایسی نفلی عبادات بھی انجام دی جاتی ہیں۔ ان نفلی عبادات کی ادائیگی کے نتیجے میں انسان نیکی کے بہت سے مدارج انتہائی احسن انداز میں طے کرسکتا ہے۔ ان میں سے ایک انتہائی اہم عبادت ہر رات عشاء کے بعد نماز تراویح ادا کرنا ہے۔ دنیا بھر میں نماز تراویح کے لیے تمام مساجد میں احسن انداز سے اہتمام کیا جاتا ہے۔ نماز تراویح کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ رمضان المبارک کے مہینے میں متمول اور صاحب حیثیت لوگ بیت اللہ الحرام کا قصد بھی کرتے ہیں اور عمرہ ادا کرنے کی جستجو کرتے ہیں۔ عمرے کی ادائیگی ویسے ہی باعث برکت ہے، لیکن رمضان المبارک کے مہینے میں عمرے کی شان اس لحاظ سے منفرد ہے کہ ماہ صیام میں عمرہ ادا کرنے والے شخص کو اللہ تبارک وتعالیٰ اتنا ثواب عطا فرماتے ہیں گویا اس نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں حج ادا کیا ہو۔ رمضان کے المبارک کے مہینے میں کی جانے والی ایک اہم عبادت اللہ تبارک وتعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرنا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر کرنے کے مختلف انداز ہیں جن میں سب سے بہترین قرآن مجید کی تلاوت کرنا ہے، جس کے ایک حرف کی ادائیگی کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ قاری کو دس نیکیوں سے نوازتے ہیں۔ قرآن مجید میں غور وفکر کرنا، اس کے مفہوم کو سمجھنے کی جستجو کرنا، اس کے ذریعے حلال وحرام میں تفریق کی کوشش کرنا، عقائد صحیحہ کو سمجھنے کی کوشش کرنا انسان کے لیے باعث سعادت ہے۔ چونکہ نزول قرآن مجید کا رمضان المبارک سے براہ راست اور گہرا تعلق ہے اس لیے اس مہینے میں قرآن مجید کی جتنی بھی تلاوت کی جائے اتنا ہی انسان کے لیے باعث برکت وسعادت ہے۔

رمضان المبارک کے مہینے کے حوالے سے جہاں اللہ تبارک وتعالیٰ نے سورہ بقرہ کی آیت نمبر 183 تا 185 میں نزول قرآن اور روزوں کی فرضیت کا ذکر کیا ہے وہیں پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے سورہ بقرہ کی آیت نمبر 186 میں دعا کا بھی ذکر کیا کہ جب میرے بندے میرے بارے میں سوال کرتے ہیں تو میں ان کے قریب ہوں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ انسان کی ہر آن اور ہر موقع پر دعاؤں کو سننے والے ہیں۔

مختلف انسان مختلف طرح کے مسائل کا شکار رہتے ہیں۔ ان مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لیے اپنی بساط کے مطابق مادیت کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے کوشش اور جستجو بھی کرتے ہیں، لیکن دیکھنے میں آیا ہے کہ کئی مرتبہ مادی جستجو کے باوجود انسان منزل مقصود تک پہنچنے میں کامیاب نہیں ہوتا۔

رمضان المبارک کے مہینے میں کرنے والا ایک اہم کام توبہ اور استغفار ہے۔ انسان کو ہر لحظہ، ہر لمحہ اپنے گناہوں پر ندامت کا اظہار کرتے رہنا چاہیے، لیکن متبرک ساعتوں کے دوران اور مقدس مقامات پر پہنچ کر انسان کو خصوصیت سے اپنے گناہوں پر سچے دل سے نادم ہونا چاہیے اور اپنی اصلاح کرنے کی جستجو کرنی چاہیے۔ جب انسان گناہوں سے تائب ہو جاتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف ہی نہیں کرتے بلکہ سورہ فرقان کے مطابق اس کے گناہوں کو نیکیوں کے ساتھ تبدیل فرما دیتے ہیں۔

رمضان المبارک کے مہینے میں کیے جانے والا ایک اہم کام "اعتکاف" بھی ہے۔ رمضان المبارک کے آخری عشرے کا اعتکاف کرنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ ہے۔ اعتکاف کے دوران خلوت نشینی میں انسان کو اپنے گناہوں اور غلطیوں پر غور وغوض کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اپنی کمی وکوتاہیوں کو ختم کرنے کے اسباب پیدا ہوتے ہیں اور انسان اپنے مقصد تخلیق کو سمجھنے اور بھانپ لینے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ آخری عشرے میں لیلۃ القدر کی جستجو کرنا بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جو شخص لیلۃ القدر کی ساعتوں کے دوران اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ اپنا تعلق استوار کرنے کی جستجو کرتا ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ ایک ہزار مہینے کا ثواب اس کے نامہ اعمال میں درج فرما دیتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کلام حمید میں مختلف انبیاء علیہم السلام کا ذکر کیا جو ہر آن، ہر لحظہ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ان انبیاء علیہم السلام کی دعاؤں کو قبول فرمایا۔ حدیث پاک کے مطابق جس نے لیلۃ القدر کا قیام ایمان اور ثواب کی نیت سے کیا اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی سابقہ خطاؤں کو معاف کر دے گا۔ رمضان المبارک کا مہینہ تجدید عزم کا مہینہ ہے۔ اس مہینے کی ساعتوں کو قیمتی جانتے ہوئے اللہ تبارک وتعالیٰ کی بندگی اور عبادت کرنے کی جستجو کرتے رہنا چاہیے۔ بعض لوگ رمضان المبارک کی ساعتوں کو گنوا بیٹھتے ہیں اور فضول گپ شپ اور غلط مشاغل میں رمضان المبارک کی قیمتی گھڑیوں کو ضائع کر بیٹھتے ہیں، ایسے لوگ اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت کے امڈتے سیلاب اور چشموں میں سے اپنا حصہ حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کی قدر کرنے کی توفیق دے اور ہم وہ تمام عمل سرانجام دیں جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے تلامذہ اور آپ کے ساتھیوں نے انجام دیے تاکہ ہم بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکیں۔ آمین!

جنات کی روحانی واردات

قسط 45

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم قارئین کرام گزشتہ چند اقساط میں ایک شخص اکرم پر گزرے ہوئے جادوئی واقعات بیان کئے اور پھر قرآن پاک کے ذریعے اُسکو ان جادوگروں سے کس طرح نجات مل رہی ہے یہ سلسلہ جاری ہے۔

ملتانی رام تانترک کی بدروح سائیں جی کے کاندھوں پر ابھی تک مسلط تھی خوف اور دہشت سے اس جادوگر کا برا حال تھا وہ مسلسل چیخ اور چلا رہا تھا ابھی یہ کامیابی کی ابتداء تھی۔ اکرم کو حوصلہ دیا

وہ اپنی مدد کیلئے تمام ترکالی قوتوں کو بلانے کی کوشش کر رہا تھا لوہے کو لوہا کاٹتا ہے کلام پاک کے ذریعے ملتانی رام تانترک کی بدروح بندہ احقر کے قابو میں تھی اس وجہ سے وہ کالی قوتیں بھی سائیں جی جادوگر کی کچھ مدد نہ کر سکتی تھیں۔ خوفناک ماحول تھا جب یہ حالت دیکھی تو اسی وقت اللہ کی طرف سے خیال آیا کہ سورۃ مزمل کی آیت **فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ترجمہ**: پھر فرعون نے اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت گرفت میں پکڑا۔ (سورۃ المزمل آیت نمبر 16)

درج بالا آیت 313 بار ورد کی اس دوران مسلسل تکبیر کے ساتھ اس آیت کے ورد کرنے سے یہ اثر ہوا کہ کچھ دیر بعد ہی سائیں جی جادوگر بیہوش ہوگیا۔ تمام ترکالی قوتیں اُسکا ساتھ چھوڑ کر بھاگ گئیں۔ جب یہ جادوگر بیہوش ہوگیا تو اسکے حواری بھی اسکی یہ حالت دیکھ کر پریشان ہوگئے۔

بندہ احقر محمد ایاز مزمل حسین شاہ کے علم میں یہ بات آئی کہ یہ شخص اپنے آپکو مسلمان کہلاتا تھا لیکن بھٹک جانے کی وجہ سے نیک اعمال سے دور تھا اسکی بیہوشی کی حالت دیکھ کر اسی حالت میں بندہ احقر نے اُسکی نماز جنازہ ادا کردی۔ اس خاص عمل کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ دشمن چاہے کتنا ہی بڑا جادوگر ہو اس طرح نماز جنازہ ادا کرنے سے اُسکی تمام تر جادوئی قوتیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اب وہ شخص بالکل ایک عام آدمی کی طرح سے تھا ہوش میں آنے کے بعد وہ بُری طرح رو رہا تھا چیخ چلا رہا تھا۔ مراقبہ میں دیکھا گیا کہ وہ انتہائی کمزور ہو چکا ہے اُسکے ہاتھ جادوئی طاقتوں سے بالکل خالی ہیں۔ اُسی وقت حصار کیا گیا تاکہ شیطانی قوتیں کوئی حملہ نہ کر سکیں کیونکہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جب کوئی جادو ختم کر دیا جاتا ہے تو شیطانی قوتیں اچانک حملہ آور ہو جاتی ہیں۔

اکرم بہت سہما ہوا تھا چہرہ سے لگ رہا تھا کہ جیسے وہ انتہائی پریشان ہے۔

آپ بالکل خوفزدہ نہ ہوں دشمن بے بس اور لاچار ہے اُسکی تمام شیطانی قوتیں ختم ہو چکی ہیں۔ اکرم آپ 41 بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنا حصار کریں اور گھر پہنچ کر آرام کریں اب کوئی خوف اور پریشانی کی بات نہیں صبح اُٹھ کر آپ نے ایک کام کرنا ہے کہ سائیں جی کی خبر لینی ہے کہ اُسکی کیا حالت ہے۔ اکرم کو حوصلہ دیتے ہوئے اُسکے کاندھے پر تھپکی دی وہ اجازت لے کر چلا گیا۔

بندہ احقر اپنے حجرہ خاص میں موجود تھا کہ کچھ دیر بعد حالت مراقبہ میں ملتانی رام تانترک کی بدروح حاضر ہوئی جیسا کہ وہ کہہ رہی ہو کہ میں نے اپنا کام مکمل کر لیا ہے کیا میں آپ کے ساتھ ایسے لوگوں کو انجام پہنچانے کیلئے رہ سکتا ہوں۔ بندہ احقر نے اُسے جانے کی اجازت دی یہ کہہ کر رُخصت کر دیا کہ جب بھی ضرورت ہوئی تو بُلا لیا جائیگا۔

صبح 10 یا 11 کا وقت ہوگا کہ اکرم پھر حاضر ہوگیا چہرہ سے بہت مطمئن لگ رہا تھا۔ شاہ صاحب کمال ہوگیا اتنے سکون کی نیند مجھے پہلے کبھی نہ آئی دل میں ایک خوشی کا احساس ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بہت احسان کر دیا ہے۔ میں کس زبان سے آپ کا شکریہ ادا کروں۔

تم اللہ کا شکر ادا کرو کہ اُسکے پاک کلام کی برکت سے تمہیں اُن خطرناک جادوگروں سے نجات ملی اگر بروقت کلام اللہ سے مدد نہ لیتے تو وہ کوئی بھی بڑا نقصان پہنچا دیتے۔

ہاں اکرم! یہ بتاؤ کہ تمہاری بیوی بچے کس حال میں ہے؟

شاہ صاحب! وہ بہت پریشان تھے رات اُنہوں نے یاسر کو بھی بلایا بے چینی تھی لیکن ابھی اُنہیں شاید واضح طور پر پتہ نہ چل سکا کہ اُنکے ساتھ کیا بنا اب دوپہر تک وہ ضرور سائیں جی کے پاس جائیں گے کیونکہ صبح بچوں کو اسکول یاسر چھوڑنے گیا تھا اور کافی دیر تک میری بیوی اور یاسر آپس میں بات کرتے رہے کھل کر معاملہ سامنے نہ آرہا تھا لیکن اُن کی باتوں اور تاثرات سے ظاہر تھا کہ وہ بہت پریشان تھے۔

دوسری بات شاہ صاحب کے آپکے حکم کے مطابق سائیں جی کے پاس گیا تھا وہ انتہائی کمزور حالت میں بستر پر لیٹا ہوا تھا میں نے اُس سے پوچھا

کہ کیا ہوا تو وہ صرف یہی کہہ رہا تھا کہ مجھے معاف کر دو میں نے بہت ظلم کیا ہے بہت زیادتی کی ہے میں نے، تمہاری بیوی نے میرے ذریعے تمہارے ساتھ بہت زیادتیاں کیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسکی سزا دی ہے میں نے اُسے کہا کہ آخر تم نے میرا گھر کیوں برباد کیا؟

جس پر وہ نادم اور شرمندہ تھا میری اس بات کا اُسکے پاس کوئی جواب نہ تھا میں نے اُسکو آپکے بارے میں بتایا کہ کہ تم توبہ تائب ہو کر ایک نئی زندگی شروع کرو اللہ تعالیٰ قرآن پاک کے ذریعے تمہاری مدد کریگا اگر چاہو تو میں تمہیں ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے پاس لے جاتا ہوں تا کہ اُنکی راہنمائی میں روحانی و قرآنی علوم سیکھ سکو۔ اس بات پر وہ راضی ہو گیا لیکن وہ چاہتا ہے کہ پہلے میں آپکو اُسکے پاس لانے کی اجازت طلب کر لوں اور آپکو اس بات پر راضی کر لوں کہ اُس شخص کو قرآنی علوم وظائف و چلہ کشی اپنی نگرانی میں کروائیں گے۔

اکرم اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کو زیادہ پسند کرتا ہے اگر سائیں جی کی خواہش ہے تو آپ اُسکو آج شام میرے پاس لے آئیں۔ ہمیں جو کچھ بزرگوں سے ملا ہے بالکل اُسکی راہنمائی کی جائیگی اس سے اچھی اور کیا بات ہو سکتی ہے اکرم کو خوشخبری دیتے ہوئے یہ بات کی۔

اُسکا چہرہ ایک دم خوشی سے دمک اُٹھا۔

بعد نماز عصر اکرم کے ساتھ ایک ادھیڑ عمر شخص تھا جسکی لمبی سی داڑھی میں سیاہ اور سفید بال تھے، بڑی بڑی زلفیں ایک چادر سیاہ اپنے گرد لپیٹی ہوئی تھی ہاتھ میں کڑا اور لمبا سا زرد رنگ کا کرتا پہنا ہوا تھا۔ گلے میں موٹے موتیوں کی مالا تھی ہاتھ میں بڑے بڑے نگینوں والی انگوٹھیاں' سانولی رنگت، چہرہ پر جھریاں تھیں مگر زیادہ نہ تھیں اُسکے حلیہ کو دیکھتے ہی سمجھ گیا کہ یہی سائیں جی ہے کیونکہ روحانی طور پر اُسے دیکھ چکا تھا۔

اکرم کے سلام کرنے سے پہلے اُس نے جھک کر سلام کیا

سلام سرکار! اکرم میرے بھائیوں کی طرح سے ہے میں نے اس کے ساتھ بہت زیادتی کی، میں معافی چاہتا ہوں کل رات میرے ساتھ بہت برا ہوا، میری ساری طاقتیں کسی نے ختم کر دیں، ظاہری بات ہے کہ میرا اپنا بُرا کیا ہوا میرے آگے آیا۔ میں اب توبہ تائب ہو چکا ہوں۔ استغفر اللہ استغفر اللہ استغفر اللہ۔ میں اللہ سے پھر توبہ کرتا ہوں کہ اس طرح کے اُلٹے کام نہ کرونگا۔

سلام کا جواب دینے پہلے ہی سائیں جی نے یہ سب کچھ ایک سانس میں کہہ ڈالا

وعلیکم السلام! اللہ سے ہی معافی مانگنی چاہیے کیونکہ انسان خطا کا پتلہ ہے جو کچھ تم نے زیادتیاں کیں اور نہ جانے کن کن لوگوں کے گھر برباد کئے کوشش کرو کہ ہر وقت کلمہ استغفار زبان سے جاری رہے۔

سرکار! میرا نام عبدالحمید سائیں ہے۔ زیادہ تر مجھے سائیں جی کے نام سے بلاتے ہیں آج دوپہر کو وہ بدبخت یاسر جو اسکا گھر برباد کر رہا ہے اسکی بیوی کے ساتھ آیا تھا۔ بات سیدھی سی ہے کہ میں نے اُسکو سمجھایا کہ تو اپنی حرکتوں سے بعض آجا اب میں نے یہ سارے کام چھوڑ دیئے ہیں تو بھی سیدھا ہو جا لیکن اُس نے میری ایک نہ سنی اور مجھے پیسوں کا لالچ دیتا رہا مگر میں نے تو اُس کو بھگا دیا اسکی بیوی بھی میری منتیں کرتی رہی کہ رات ہمیں بہت ڈرا لگتا رہا میں نے اُن سے بھی صاف صاف کہہ دیا۔

بی بی تجھے کیا ڈر لگتا رہا رات میری اپنی حالت خراب ہو گئی تھی صرف تمہاری وجہ سے اب میرے پلے کچھ نہیں مجھے اللہ نے ہدایت دے دی میں نے اللہ توبہ کر لی تو بھی اللہ سے اپنے کئے کی معافی مانگ۔ چلی جا،

مگر سرکار! وہ تو اپنی ضد کی پکی نکلی۔ اللہ ہی اُسے ہدایت دے میں نے تو بہت سمجھایا سائیں جی نے ہاتھ جوڑ کر یہ ساری بات کی۔

سائیں جی ہاتھ اللہ کے سامنے جوڑے جاتے ہیں بندوں کے سامنے نہیں آپ اگر دل سے توبہ کریں تو اللہ بہت بڑا معاف کرنے والا ہے اگر آپ عہد کریں گے کہ آج کے بعد کالا علم یا شیطانی قوتوں سے کبھی بھی کام نہ لیں گے اور نہ اُنکی چلہ کشی وغیرہ کبھی کریں گے تو پھر میں آپکو پہلا سبق دیتا ہوں۔ سائیں جی کی طرف چائے کا کپ بڑھاتے ہوئے کہا۔

ناں سرکار ناں! میرے ماں باپ کی توبہ جو دوبارہ شیطانی کام کروں آپ مجھے جو سبق دیں گے میں دل سے پڑھوں گا کل رات سے جو میرا خوف تھا آپ کے قدموں میں آنے سے اب ختم ہو گیا۔ سائیں جی نے چائے کا کپ پکڑتے ہوئے کہا۔

اچھا سائیں جی اب تم ایسا کرو کہ سب سے پہلے سورۃ مزمل کی آخری آیت کا آخری حصہ جسے آیت استغفار بھی کہتے ہیں کم از کم سوا لاکھ بار ورد کرو اور روزانہ دو رکعت نماز نفل استغفار کی ادا کرو۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

ترجمہ:۔ اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو بے شک اللہ غفور و رحیم ہے۔

اس آیت استغفار کے ساتھ نماز کی بھی پابندی کرو اور یہ اپنا حلیہ بھی درست کر لو ہاتھ سے انگوٹھیاں کم کر لو اور گلے سے مالا وغیرہ بھی اتار لو۔ اپنا لباس بھی درست کر لو۔

یہ سُننا تھا اُسی وقت اُس شخص نے ہاتھ سے تمام انگوٹھیاں اور کڑا' گلے سے مالا اتار دی اور وعدہ کیا کہ ہدایت کے مطابق عمل کرے گا۔ (باقی آئندہ)

ملکی و غیر ملکی سیاسی حالات

تحریر:۔ غلام اکبر رنگیجو (کراچی)

پیارے پیارے دوستو! السلام علیکم! وطن عزیز پاکستان میں سیاسی جوڑ توڑ اپنے عروج پر ہے۔ پارٹیاں اور وفاداریاں بدلیں جارہی ہیں۔ الیکشن قریب ہیں۔ ہر سیاست دان کی کوشش ہے کہ وہ بھرپور طریقہ سے ماہرانہ طور پر اپنی سیاسی دوکان چمکائے یہی وجہ ہے کہ ہمیشہ کی طرح الیکشن کے نزدیک تیزی سے سیاسی پارٹیوں کی اہم میٹنگ روزانہ کی بنیاد پر جاری ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ جو بھی آئندہ لیڈر آئے پیارے پیارے وطن کیلئے مخلص ہو۔ ویسے میرے تجزیہ کے مطابق ابھی تک تمام سیاست دانوں میں آئندہ کی طویل ترین سیاسی زندگی جناب بلاول بھٹو زرداری کی نظر آرہی ہے کیونکہ نوجوان قیادت ہے۔ جب بلاول صاحب کی عمر 40 یا 50 کے قریب ہوگی تو آپ خود اندازہ کریں کہ اُس وقت موجودہ سیاست دانوں کی عمریں کیا ہونگے اور اُنکا سیاسی کردار کیا ہوگا یقیناً جب تک موجودہ سرگرم کئی سیاسی پارٹیاں شہید ہوچکی ہونگی اور اُسوقت تک یہ جوان بہترین سیاسی تجربہ کے ساتھ حکومتی سیاست میں سرگرم ہوگا۔

جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ میں علم الاعداد کی بنیاد پر روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات' مزمل روحانی جنتری اور جعفریہ جنتری میں کئی پیشن گوئیاں کرچکا ہوں۔ جن میں سے تقریباً 90 فیصد درست ثابت ہوئیں۔ 100 فیصد اس لئے نہیں کہتا کہ 100 فیصد صرف اللہ کی ذات ہوتی ہے۔ انسان خطا کار ہے اس لئے معافی کی گنجائش رکھنی چاہیے۔

مخفی علوم میں علم نجوم' علم رمل اور پامسٹری سے پیشن گوئیاں پیش کی جاتی ہیں اکثر و بیشتر سیاسی حالات پر میری ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے بات چیت رہتی ہے۔ یقین جانیے کہ پاکستان کی مٹی بہت زرخیز ہے پاکستان میں بہت اعلیٰ پائے کے واقف علم الاعداد' نجوم' پامسٹری اور رمل پائے جاتے ہیں۔ ماہر روحانیات صاحب کی درست پیشن گوئیاں روحنای ماہنامہ تحفہ روحانیات' مزمل روحانی جنتری اور جعفریہ جنتری میں پڑھ چکے ہونگے جو کہ ریکارڈ طور پر درست ثابت ہوتی ہیں۔ اسی طرح ملک کے نامور تجزیہ نگاروں سے ملکی سیاست پر اُن کے علوم کی روشنی پر تبصرہ رہتا ہے۔ گزشتہ دنوں ماہر نجوم اور پامسٹ جناب فضل کریم صاحب (خیبر پختون خواہ) سے ملکی سیاست پر اُن کے علم کی روشنی میں تبصرہ ہوا۔ جس میں انہوں نے انکشاف کیا کہ میرے علم کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے سربراہ سابقہ وزیراعظم میاں محمد نواز شریف صاحب 100 دن جیل میں سزا کاٹنے کے بعد باعزت بری ہوجائینگے۔ مزید انکشاف کیا کہ یہ سیاسی شخصیت الیکشن جیت کر آئندہ 15 سال تک مزید حکومت کرینگی۔ اس کے علاوہ دیگر کئی سیاسی پارٹیوں کے بارے میں بھی اپنے علم کے بارے میں پیشن گوئی کہ انہوں نے بتایا کہ عمران خان کی تحریک انصاف آئندہ چند سالوں میں مکمل طور پر ختم ہوجائیگی مزید انکشاف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کی پاکستان پیپلز پارٹی بھی کافی حد تک کمزور ہوجائیگی، یہ اُنکا اپنا علمی تجزیہ تھا میرا اپنا علمی تجزیہ ہے۔

ہم شروع کرتے ہیں 15 اپریل تا 19 مئی 2018ء اپنے شہر کراچی کے بارے میں یہ کہونگا کہ رمضان المبارک اور شہر کراچی کا 9 عدد ہونے کے باعث اس سال سکون سے سحر و افطار نہ کرسکیں گے۔ **مکافات عمل** لوڈ شیڈنگ کا بڑھ جانا' مہنگائی اسکے علاوہ مختلف مسائل کی وجہ سے عوام میں بے چینی پھیل جائیگی۔

15۔اپریل تا 19 مئی 2018ء

15 جون سے 19 جولائی 2018ء

14 اگست تا 19 اکتوبر 2018ء

15 نومبر 2018ء تا 19 جنوری 2019ء

14 فروری تا 21 مارچ 2019ء

ہر ماہ آنے والے فیصلہ کن دور 2.6.8.9.10.18.19.27.28

یہ تمام عددی دور ملک اور نامور وزراء اور سیاست دانوں کیلئے احتیاط اور آزمائش طلب ہوگا۔ان ایام میں جو بھی فیصلہ کیا جائیگا سیاست دانوں کیلئے سخت ترین ہوگا۔ یہی دور آرمی اور عدلیہ اور قانون سے وابسطہ لوگوں کیلئے بھی بھاری اور آزمائش والا ہوگا اور وطن عزیز انتہائی سیاسی بحران کی زد میں رہے گا سیاست میں ہلچل مچی رہیگی اور عدلیہ کی طرف سے کئی اہم فیصلے متوقع ہیں۔ ملک میں قانون کو توڑنے اور افراتفری مچانے کی بھرپور کوشش کی جائیگی۔

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

چیئرمین سینٹ محترم صادق سجرانی صاحب ان کے نام کا عدد 2 پر تقسیم ہوتا ہے اور 2018ء بھی 2 پر تقسیم ہوتا ہے اس لئے یہ 2018ء کا پورا سال نت نئی پریشانیوں میں گھرے رہیں گے 2018ء کے آخری ماہ ان کیلئے بہت اہم ہے اس کے بعد یہ کوئی اہم فریضہ سنبھالیں گے۔ 2019ء میں اگر الیکشن ہوئے تو پاکستان کیلئے بہت خطرناک ہونگے کیونکہ 2019ء کا عدد 3 بنتا ہے اور پاکستان کا عدد بھی 3 بنتا ہے اس لئے یہ سال پاکستان کیلئے بہتر سال نہ ہوگا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ سرحدی حالات خراب ہوں۔

میرا روحانی تجزیہ :۔ الیکشن ہونے کے امکانات موجود ہونگے اس میں تمام سیاسی پارٹیاں حصہ لیں گی۔ پہلی پوزیشن سیاسی لحاظ سے عمران خان یعنی پی ٹی آئی کی ہوگی دوسرے نمبر پر پیپلز پارٹی تیسرے نمبر پر مختلف پارٹیاں ہونگی جبکہ چوتھے نمبر پر مسلم لیگ ن کو کامیابی ملے گی۔

میرا ذاتی خیال :۔ تحریک انصاف کے سربراہ جناب عمران خان صاحب یا عمران نیازی صاحب اگر وزیراعظم بن بھی جاتے ہیں تو انہیں ہٹا کر جناب محترم بلاول بھٹو زرداری صاحب کو بنادیا جائیگا۔

میرا عددی تجزیہ:۔ ڈاکٹر فاروق ستار صاحب علم اعداد کی روشنی میں عدد 9 کے ماتحت ہیں جبکہ کراچی کا عدد بھی 9 ہے تو اس طرح 2019ء میں ڈاکٹر فاروق ستار کی سیاست ختم ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔ اس کے علاوہ ایم کیو ایم پاکستان 2019ء میں کراچی سے بالکل ختم ہوجائیگی۔

پاک سر زمین پارٹی جب بنائی تھی تو اچھا وقت تھا اس لئے اس کا مستقبل بہتر ہے مصطفیٰ کمال بھائی جن کے نام کا عدد 1 پر تقسیم ہوتا ہے لہذا یہ وہ کامیابی حاصل نہ کرسکیں گے جن کی انکو خواہش ہے لیکن پھر بھی انکو زیادہ ووٹ ملیں گے

سابقہ جنرل اور صدر جناب پرویز مشرف صاحب کے عدد کا نام بھی 1 پر تقسیم ہوتا ہے 2019ء میں جنرل پرویز مشرف صاحب کا آخری دور ہوگا۔

حقیقی معنوں میں 2020ء پاکستان کیلئے بہترین دور ہوگا ہر طرف سے صفائی ہوچکی ہوگی۔ عدد 4 کا سال ہوگا جبکہ پاکستان کا عدد 3 ہے

2019ء میں عورتوں کی وجہ سے پاکستان اور اسلامی ممالک میں خرابی پیدا ہوگی۔ جس کے باعث حکومتی انتشار اور عذاب الٰہی نازل ہوسکتا ہے جس میں خطہ عرب میں ریت کے طوفانوں کا آنا یا بارشوں کا بہت زیادہ ہوجانا نظام زندگی کو درہم برہم کردیگا۔ وجہ وہی عورتوں کی بے حیائی اور عرب ممالک میں عورتوں کی آزادی ہے جس طرح سعودیہ میں عبائیہ کی شرط ختم کردی گئی ہے پہلے عورتوں کو گاڑی چلانے کی اجازت نہ تھی اب وہ بھی دے دی گئی ہے اسی طرح تازہ ترین اطلاعات کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو شہر جدہ میں جواء خانوں کا قیام' ریاض شہر میں سینماؤں گھروں کا افتتاح بہت سے خطرناک اشارے دے رہا ہے۔ ملک شام کی صورتحال دُنیا کے ہر شخص کو معلوم ہے کہ کس طرح یہودی اور عیسائی مل کر اس ملک پر ٹوٹ پڑے اور پاک بیبیوں کے روزہ مبارک کی بے حرمتی کی بچوں اور بزرگوں' خواتین کو کس طرح بے دردی سے قتل کیا جا رہا ہے۔ 2017ء کی مزمل روحانی جنتری میں پیشن گوئی کردی گئی تھی کہ اہل سعود کے اوپر عذاب الٰہی ہوگا کیونکہ سعودیہ نے جن برائیوں کی جڑ رکھی ہے وہ اہل اسلام کیلئے خطرناک ہیں۔ اس کی ابتداء مقام جنت البقیع میں مزارات کی شہادت کی گئی جب اہل بیتؓ اور نامور صحابہ کرامؓ کے مزارات بے دریغ شہید کردیئے گئے اور اس پر ایک نیا فرقہ کی بنیاد رکھی گئی جسے مکمل طور پر انگریز سرکار کی حمایت حاصل ہے۔

ہندوستان کے بارے میں یہ کہونگا کہ 2019ء کشمیر کیلئے فیصلہ کُن ہوگا کیونکہ اس میں کشمیر انڈیا سے جان چھڑوالے گا۔

ہمارے اپنے پیارے وطن عزیز میں نئے صوبوں کی تحریک پڑنا شروع ہوجائیگی جیسا کہ صوبہ سرائیکستان کی تحریک بہت عرصہ سے جاری تھی مگر اس ماہ اس تحریک نے مزید زور پکڑ لیا۔ بہاولپور والے دوبارہ اپنی آزادی کیلئے باتیں کررہے ہیں لاہور والے 1818ء کا صوبہ چاہتے ہیں۔ میری دعا ہے کہ جو کچھ بھی ہو پاکستان کے حق میں ہو۔

کالا باغ ڈیم کا مسئلہ بھی الیکشن سے پہلے اچھلا جائیگا اور ممکن ہے کہ یہ دیرینہ مسئلہ بھی حل ہوجائے۔

2019ء کا دور چیف جسٹس ثاقب نثار صاحب' واجد ضیاء ان کے علاوہ باقی پانچ ججوں اور عمران خان' آصف علی زرداری کو سخت سیکورٹی دینا چاہیے۔

19 جون تا 15 جولائی 2019ء بہت اہم ثابت ہوسکتی ہے ان ایام میں جناب محترم عمران خان صاحب کو سخت سیکورٹی اور احتیاط کی ضرورت ہے۔

ابھی توبہ کے دروازے کھلے ہوئے ہیں توبہ کرلو بعد میں توبہ قبول نہ ہوگی۔

ہندوستان کا موجودہ وزیر اعظم نریندر مودی دوبارہ یہ عہدہ حاصل نہ کرسکے گا۔ اُسکی جماعت بھی بُری طرح ناکامی کا منہ دیکھ سکتی ہے۔

واللہ اعلم بالصواب' رہیگا نام اللہ کا

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

شمس مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	09	08:49 تا 09:56	11:03 تا 12:02	مغرب	18:52 تا 19:47	جنوب

دشمن کی جائیداد یا عمارت تباہ کرنا

(مقصد عمل) آپ اس نظر کے دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) اس عمل کی تیاری قبل از وقت کریں۔ ساعت نظر کے آغاز سے 2 روز قبل قبرستان میں مطلوبہ قبور تلاش کر کے رکھی جائے کہ عین وقت عمل آپ کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس عمل کے لئے دن کی ساعت بھر پور مددگار ثابت ہوں گی۔ 8 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان 8 قبروں کی مٹی کو اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 80 بار سورۃ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں گے اور پھر کسی وقت بھی وہ مٹی اس عمارت یا اُس جگہ کو جسے برباد کرنا ہو وہاں پھینک دیں گے۔ روزانہ 80 بار سورۃ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلا ناغہ پڑھیں۔ جلد مقصد کا حصول ہوگا۔

عطارد تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	12	07:41 تا 08:48	11:03 تا 12:10	شمال مشرق	18:54 تا 19:47	شمال

مخالف پر بندش ڈالنا

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت و آفت طاری کرنے کیلئے عمل کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ عمل کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلاوجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو عمل کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تاحیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(عمل) درج بالا ساعتوں میں سہہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سہہ کانٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کر دیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(نوٹ) یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جارہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔

عطارد تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	18	06:48 تا 07:54	14:26 تا 15:34	شمال مشرق	21:34 تا 22:26	شمال

وظیفہ کریں ملازمت میں ترقی پائیں

(مقصد عمل) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کے خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو، اس عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاءاللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

عطارد مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	23	05:20 تا 06:28	13:19 تا 14:28	مغرب	20:44 تا 21:36	جنوب

غیر شرعی حرام تعلق ختم ہو جائے

(مقصد عمل) اس ماہ کی اس خاص نظر سے آپ دو ناجائز ملنے والے دوستوں کو جدا کر سکتے ہیں یعنی کہ ایسے افراد جو کہ غیر شرعی حرکات یا بد فعلی کے مرتکب ہوں یا کے وہ افراد جن کے آپس میں ملنے سے پر امن جگہ پر لڑائی جھگڑا جنم لیتا ہو یعنی کہ غرض ایسے تمام لوگوں کو جدا کرنے کہ لیے یہ عمل ہے کہ جو لوگ شر پھلاتے ہوں۔ اُنکے درمیان نفاق وجدائی پیدا کی جاسکتی ہے۔

(عمل) ساعت کے آغاز سے قبل آم یا امرود کے درخت کی دو ایسی شاخیں حاصل کریں جو کہ ایک ہی ٹہنی سے ہوں بغیر بسم اللہ اور بغیر درود شریف سے 90 بار آیت مبارکہ "**والقینا بینھم العداوت والبغضاء الا یوم القیمہ**" پڑھ کر پھونک دیں اور بعد میں کسی تیز دھار چھری سے ان دو شاخوں کو درمیان سے علیحدہ کر دیں ان دونوں شاخوں کو قبرستان میں اس طرح دبائیں کہ پہلے ایک شاخ کو دبانے کے بعد دوسری شاخ کو دبانے کیلئے درمیان میں 9 عدد قبروں کا فاصلہ ہو تو دوسری شاخ بھی دبا دیں اب درمیان والی قبر پر کھڑے ہو کر 90 بار اسی آیت مبارکہ کو دوبارہ بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے ورد کریں اول روز کو پہلا دن شمار کرنے کہ بعد مسلسل 9 دن تک یہ ہی آیت 90 بار پڑھیں۔ اس عمل سے ایسے پریشان والدین بھی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں کہ جن کی اولاد من پسند شادی کرنا چاہتی ہو مگر والدین کی نظر میں وہ لوگ صحیح نہ ہوں۔

شمس تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	24	06:28 تا 08:45	14:28 تا 16:45	جنوب	20:44 تا 23:19	شمال مغرب

دشمن افسر بھی عزت کرے

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت غلبہ دشمن، تسخیر افسران بالا، تسخیر امراء، سخت دل اور دولت مند لوگوں کو مسخر کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) درج بالا وقت میں گولڈن کاغذ پر طلسم شمس کندہ کریں اور اس طلسم کے بالکل نیچے **یا ودود یا اللہ یا ودود یا غنی یا ودودیا مغنی یا ودود یا باسط** تحریر کریں جس شخص کو مسخر کرنا ہو درج بالا اسم الٰہیہ اس وقت میں بیٹھ کر 1100 بار ورد کریں اور اس طلسم پر دم کر دیں نیچے اپنا مقصد بھی تحریر کریں۔ اس کاغذ کو اس طرح سے تہہ کریں کہ اسم الٰہیہ اور مقصد تحریر بالکل طلسم اوپر ہو یعنی دونوں تحریریں آپس میں مل جائیں۔ ایسے 4 نقش تیار کریں ان میں سے ایک نقش مطلوبہ شخص کی راہ گزر مکان 'دفتر یا دوکان میں رکھ دیں۔ دوسرا نقش پھل دار درخت سے باندھ دیں اور تیسرا نقش گُڑ شکر یا چینی یا شہد میں رکھیں چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ درج بالا اسم الٰہیہ کو 200 بار ورد میں رکھیں ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ غلبہ دشمن کیلئے یا قوی یا قابض کا اضافہ کر کے تحریر ورد کریں۔ جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہوں 2318 عدد میں نام سائل مع مقصد مع نام مطلوب کے عدد قمری کا اضافہ کریں' جو لوگ غلبہ دشمن چاہتے ہوں وہ مزید 1018 عدد کا اضافہ کریں گے۔ نقش چال آتشی مربع سے پُر ہوگا۔

زہرہ مقابلہ زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	26	05:19 تا 06:27	13:18 تا 14:27	شمال مشرق	20:45 تا 21:35	شمال

بدکار عورت کی بدکاری بند ہو جائے

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کیلئے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو انشاءاللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اِس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے **اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا**۔

نقش بنانے کیلئے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

بجائے اپس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

شرف مریخ

جب سیارہ مریخ برج جدی کے 28 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ سیارہ مریخ اپنے درجہ شرف پر تقریباً 18 ماہ بعد پہنچتا ہے۔ وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں مریخ کمزور ہے یا وہ لوگ جن کو خرابی خون، امراض معدہ، بخار، پھوڑے پھنسیاں یا جن پر خوف دہشت، جادو ٹونے، سفلی اور بداعمال مسلط ہیں یا وہ افراد جن کو پٹھوں کی کمزوری اکثر لاحق رہتی ہے۔ قوت مردمی میں کمی جیسے امراض میں مبتلا تمام افراد شرف مریخ کی اس سعد قوت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سال شرف مریخ 09 مئی بروز بدھ 03:14 تا 11 مئی بروز جمعہ 11:39 رہیگا۔ اس دوران مکتبہ روحانیات خاص طور سے شرف مریخ سے متعلقہ الواح، نگینہ اور طلسمات، انگشتری تیار کی جاتی ہے۔ وہ افراد جو کہ شرف مریخ کے موقع پر خود الواح، نقوش نگینہ جات تیار کرنا چاہئیں۔ مریخ کی شرفی ساعتوں میں درج بالا امور بارے مدد لے سکتے ہیں۔

09 مئی 2018ء بروز بدھ

اول ساعت :۔ 03:14 تا 03:42 رجال الغیب (مغرب)
دوئم ساعت :۔ 09:56 تا 11:03 رجال الغیب (مغرب)
تیسری ساعت :۔ 17:45 تا 18:52 رجال الغیب (جنوب)

10 مئی 2018ء بروز جمعرات

چوتھی ساعت :۔ 00:10 تا 01:03 رجال الغیب (جنوب)
پانچویں ساعت :۔ 06:35 تا 07:42 رجال الغیب (جنوب)
چھٹی ساعت :۔ 14:24 تا 13:31 رجال الغیب (جنوب)
ساتویں ساعت :۔ 21:31 تا 22:24 رجال الغیب (شمال مغرب)

11 مئی 2018ء بروز جمعہ المبارک

آٹھویں ساعت :۔ 03:41 تا 04:34 رجال الغیب (شمال مغرب)
نویں ساعت :۔ 11:03 تا 11:30 رجال الغیب (شمال مغرب)

اوج زہرہ

جب سیارہ زہرہ برج جوزا کے 22 درجہ پر پہنچتا ہے تو شرف کے بعد دوسرے درجہ کی قوت اوج حاصل کرتے ہیں۔ اس ساعت قوت میں زہرہ سے متعلقہ امور میں مدد لی جاسکتی ہے۔ یعنی تسخیر خلق، تسخیر خواتین، رجوع خلق، دفع امراض زنانہ یہ خاص وقت حب تسخیر کی قوت رکھتا ہے۔ اس سال 12 مئی بروز ہفتہ 06:11 تا 13 مئی بروز اتوار 02:08 زہرہ برج حوت کے 22 درجہ سے گزریگی۔ اس دوران زہرہ کی ساعتیں میسر آئینگی۔ ان ساعتوں میں تسخیر خلق یا تسخیر زن یا تسخیر سسرال دوست احباب کی تسخیر کیلئے الواح اور نگینہ جات تیار کے جائینگے خواہشمند حضرات قبل از وقت رابطہ کریں۔

12 مئی 2018ء بروز ہفتہ

اول ساعت :۔ 09:55 تا 11:03 رجال الغیب (شمال مشرق)
دوئم ساعت :۔ 17:47 تا 18:54 رجال الغیب (شمال)

13 مئی 2018ء بروز اتوار

تیسری ساعت :۔ 00:02 تا 01:02 رجال الغیب (شمال)

16 مئی 2018ء بروز بدھ صبح 06 بجکر 25 منٹ تا 21 بجکر 06 منٹ

حضیض عطارد

درجہ حضیض سے گزریگا۔ سیارہ عطارد برج جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ مخنث خاصیت کا حامل یہ سیارہ جب برج ثور کے 5 درجہ پر پہنچتا ہے تو حالت حضیض ظاہر کرتا ہے۔ جو کہ ہبوط کے بعد دوسرے درجے کی نحس حالت ہے۔ عطارد ہمیشہ سورج کے قریب تر یا ساتھ رہتا ہے۔ اس لئے عطارد کو شمس کا دم چھلہ بھی کہا جاتا ہے۔ شمس کی روشنی اس پر زیادہ قوت کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ ممتزج مزاج رکھنے والا یہ سیارہ عقل، ہمت، بہادری عزیز رشتہ داروں سے تعلق داری قول قلم عمل سے تعلق رکھتا ہے۔ آسمانی درجہ پر یہ سیارہ علم و حکمت دانش پر حکومت کرتا ہے لیکن درجہ حضیض پر پہنچنے کی حالت میں اس سیارہ کی تمام سعد قوتیں نحس یعنی منفی رُخ اختیار کر لیتی ہیں اس دوران اپنے مقصد کے مطابق عمل شر تیار کر سکتے ہیں۔ تمام تیاری قبل از وقت کر لیں۔ لہذا اس سال 16 مئی 2018ء بروز بدھ کو درجہ حضیض سے گزریگا۔

16 مئی 2018ء بروزبدھ

اول ساعت :۔ 05:24 تا 06:31 رجال الغیب (مغرب)
دوئم ساعت :۔ 13:18 تا 14:26 رجال الغیب (مغرب)
تیسری ساعت :۔ 20:41 تا 21:06 رجال الغیب (جنوب)

نوٹ :۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں۔
0300-6351192

تحفہ روحانیات کے باقاعدہ لکھاری

آپ بھی جانئے! سید سبطین حیدر گیلانی

محترم قارئین کرام روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے اس خوبصورت سلسلہ کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔ روحانی دوستوں کے تعارف کا سلسلہ بہت معزز اور پیارے دوستوں کی فرمائش پر شروع کیا گیا ہے اس سلسلہ میں تحفہ روحانیات میں اپنی روحانی تحریریں شائع کروانے والے روحانی قلمکاروں کا تعارف کروایا جائیگا۔ گزشتہ ماہ تحفہ روحانیات کے محترم معزز روحانی قلمکار سید سبطین حیدر گیلانی سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا اس دوران روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے قارئین کیلئے خاص انٹرویو کے سوالات جناب محترم سے کئے گئے آپ کی خدمت میں یہ سوالات اور جوابات حاضر ہیں۔

س:۔ محمد ابصار !محترم گیلانی صاحب اپنا مکمل نام بتائیں؟

سید سبطین حیدر:۔ میرا نام سید سبطین حیدر گیلانی ہے مگر کچھ لوگ پیر گیلانی یا پیر صاحب یا بابا جی یا شاہ صاحب کہہ کر بلاتے ہیں۔ یہ سب پیارے دوستوں اور مریدین کی محبت ہے سوشل میڈیا پر زیادہ تر لوگ پیر گیلانی' دولا پاک کے نام سے جانتے ہیں۔

س۔ محمد ابصار ! پھر تو ہم بھی آپ کو پیر گیلانی کے نام سے ہی پکاریں گے' آپ فرمائیں کہ آپ کی دنیاوی تعلیم کیا ہے اور اگر کوئی تصانیف ہے تو اس بارے میں بھی آگاہ کریں؟

سید سبطین حیدر:۔ ابصار بیٹا! میٹرک کے بعد آرمی میں چلا گیا جہاں سے ملازمت کے ساتھ ایم اے نفسیات کیا۔ میری کتابیں 2 جلدوں پر مشتمل تحفۃ الگیلانی کے نام سے ہیں۔ اس کے علاوہ ستاروں کی مدد سے علاج' مسافر اہل بیت" ' درود پاک کی فضیلتیں اور مفتاح العرش کے نام سے تحریری مواد موجود ہے جسے کتابی شکل میں دیا جا چکا ہے ان شاء اللہ جلد یہ کتابیں بھی شائع ہو جائینگی۔ ان کے علاوہ ایک ماہنامہ بھی جاری کیا مگر نا گریز وجوہات کی بناء پر بند کرنا پڑا۔

س۔ محمد ابصار ! قرآنی وظائف اور اوراد کیسے شروع کئے اور روحانی دُنیا سے وابستہ ہوئے کتنا عرصہ ہو چکا ہے؟

سید سبطین حیدر:۔ روحانی اعمال ہماری گھٹی میں شامل ہیں بزرگ نسل در نسل سے کرتے آ رہے ہیں۔ دادا حضرت بہاؤ الدین قلندر المعروف میراں بہاؤل شیر قلندر کے وقت سے ہی چلہ کشی ہمارے نصب میں چلی آ رہی ہے میری عمر تقریباً 16 برس تھی جب پہلا چلہ کیا۔ وضاحت کر دوں کہ اعمال اور روحانیت میں فرق ہے ہمارے اکثر عامل حضرات یہ نہیں جانتے کہ ان دونوں میں کیا فرق ہے واضح کروں کہ اعمال صرف چلہ کشی یا مختلف آیات کی زکات ادا کر کے کئے جاتے ہیں جن کا تعلق ظاہری دُنیا سے ہے۔ قرآنی آیات کی طاقت کے ذریعے کام لیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ سیف زبان ہو جاتا ہے جبکہ روحانیت والے لوگ عمل نظر اور زبان حتیٰ کہ جسم کے ہر حصہ سے کام لیتے ہیں۔ روحانیت کا تعلق انسانی دل سے ہے اور لطائف رئیسہ سے ہے۔ جسے تصوف بھی کہا جاتا ہے۔

س:۔ محمد ابصار !علم قیافیہ کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں' اسلامی نقطہ نظر سے آپ وضاحت فرمادیں؟

سید سبطین حیدر:۔ علم قیافیہ دراصل چھٹی حس کا دوسرا نام ہے۔ یہ ایک دراصل اندازہ ہے جو کہ 100 فیصد درست بھی ہو سکتا ہے اور غلط بھی۔ چھٹی حس جتنی طاقتور ہو گی ماہر قیافیہ کا اندازہ اسی قدر درست ہو گا۔ چھٹی حس کا تعلق صحت مند روح سے ہے روحا طاقت کے ساتھ بیدار ہو تو چھٹی حس بھی بیدار ہو جاتی ہے۔ انسانی اعضاء کی شبہات پر قیافیہ لگایا جاتا ہے۔

س:۔ محمد ابصار !جادو کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں' جیسا کہ مشہور ہے کہ دوران روحانی علاج قبرستان اور میت والے گھر میں نہیں جانا چاہیے؟

سید سبطین حیدر:۔ اصل میں جادو جو بھی ہوتا ہے وہ کالا' بنگالی یا سفلی علم سے ہے جادو سے متاثرہ شخص پر بدروحیں اور دیگر خبیث جنات مسلط ہوتے ہیں قبرستان یا میت والے گھر میں جانے سے ان جادوگروں کے محرکات کو اور زیادہ طاقت ملتی ہے یہی وجہ ہے کہ دوران علاج مریض کو ان جگہوں سے منع کیا جاتا ہے۔

س:۔ محمد ابصار !تحفہ روحانیات سے کیوں لگاؤ ہے' کب سے وابستہ ہیں؟

سید سبطین حیدر:۔ میری پہلی تصنیف تحفۃ الگیلانی شائع ہوئی۔ یہ غالباً 2005 یا 2006ء کی بات ہے جب تحفہ روحانیات کی ابتدائی اشاعت ہو رہی تھیں۔ تو ملتان کے ایک دوست نے مجھے اپنے ہاں آنے کی دعوت دی۔ پھر ایک اور دوست کے ذریعے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے شرف ملاقات ہوئی اسی دوران روحانی پہلوؤں پر گفتگو ہوئی اور پھر اس ملاقات کے بعد باقاعدہ طور پر تحفہ روحانیات میں لکھتا آ رہا ہوں۔

س :۔ محمد ابصار !روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں کس لکھاری مضمون آپ زیادہ شوق سے پڑھتے ہیں؟

سید سبطین حیدر:۔ ابصار بات یہ ہے کہ تمام لکھاری قابل احترام ہیں اور سب کی میں عزت کرتا ہوں کسی ایک کا نام نہیں لیتا چونکہ سب ہی میرے اپنے ہیں ہاں یہ تحفہ روحانیات کی اچھی پالیسی ہے کہ شروع میں چند لکھاریوں نے دوسرے لوگوں کے مضامین اپنے نام سے دینے شروع کر دیئے تھے ماہر روحانیات نے ایسے لکھاریوں کے مضامین کی اشاعت بالکل بند کر دی ہے۔ یقیناً اب معیاری روحانی مزاج رکھنے والے لکھاری باقی رہ گئے ہیں۔

س :۔ محمد ابصار !علم اعداد کے بارے میں آپکا کیا خیال ہے؟

سید سبطین حیدر:۔ اعداد دراصل ایک وسیع علم ہے اس علم کا اقرار قرآن پاک میں بھی کیا گیا ہے۔ دلیل کے طور پر سورۃ جن کی آخری آیت پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے ہر شے کو اعداد کا پابند کر دیا ہے۔

س :۔ محمد ابصار ! آجکل ٹی وی چینلز میں جعلی عاملین اور پیروں کے پکڑنے کی رپورٹیں دکھائی جاتی ہیں اس بارے میں آپکا کیا خیال ہے؟

سید سبطین حیدر:۔ میرا خیال اس بارے میں کیا ہونا ہے' سب کچھ آپ کے سامنے ہے ایک طرح سے میڈیا درست بھی کر رہا ہے' کہ اب تک جتنے بھی لوگوں کو دکھایا گیا ہے اُنہیں بسم اللہ اور کلمہ تک نہیں آتا یہ میڈیا کی یک طرفہ کاروائی ہے جس سے لوگ روحانی علوم سے منحرف ہو رہے ہیں میڈیا کو چاہیے کہ اچھے لوگوں کو بھی پرموٹ کریں جن کے روپ میں چھپ کر بھیڑیئے بیٹھے ہیں اور اس مقدس فریضہ کو بدنام کر رہے ہیں۔ میری اس بارے سے ماہر روحانیات سے بھی بات ہوئی کہ گورنمنٹ کو چاہیے کہ ایسا سخت قانون بنائے کہ ایسے لوگوں کو گرفتار کر کے ایسی عبرتناک سزا دی جائے کہ دوبارہ کوئی جرات نہ کر سکے۔

س :۔ محمد ابصار !اچھا پیر گیلانی صاحب یہ میڈیا والے اکثر عاملین کے پاس جا کر کہتے ہیں کہ اگر آپ کے پاس جنات ہیں تو یہ چیزیں وہاں یا کسی دوسری جگہ پر رکھوا دیں' کیا ایسا کروانا ممکن ہے؟

سید سبطین حیدر:۔ ابصار جنات کی تسخیر کوئی عام بات نہیں اور میڈیا کو روحانیت بارے صرف اتنا علم ہے جتنا ہمیں میڈیا کے بارے میں یعنی ہر شخص اپنے شعبہ میں ماہر ہے مثلاً ایک عام آدمی کو ایم بی بی ایس ڈاکٹر جتنی معلومات نہیں ہوتی۔ جنات کی کئی اقسام ہیں کچھ مسلط ہوتے ہیں کچھ مادی چیزوں کو حرکت دے سکتے ہیں اور کچھ خبریں دے سکتے ہیں۔ میں جعلی عاملین کی بات نہیں کر رہا ہوں روحانی لوگوں کی بات کرتا ہوں کہ اگر کسی نے وظائف اور چلہ کشی کی برکت سے جنات کو مسخر کر لیا دیکھا جائیگا کہ یہ جنات کس درجہ کے ہیں۔ یعنی مادی چیزوں کو حرکت دینے کی طاقت ہے یا صرف مسلط ہو سکتے ہیں یا صرف خبریں دے سکتے ہیں۔ اب میڈیا والوں کو ان چیزوں کا کیا پتہ اس لئے اُنکا یہ سوال بے بنیاد اور فضول ہے۔

س :۔ محمد ابصار !اسم اعظم کے حوالہ سے کوئی مستند طریقہ تجویز فرمائیں؟

سید سبطین حیدر:۔ اللہ تعالیٰ کے 99 نام ہیں۔ ہر نام بڑا ہے مرشد کریم یا استاد کی جانب سے آپکو جو اسم الٰہی پڑھنے کیلئے دیا جائے وہی اسم اعظم ہوگا۔

س :۔ محمد ابصار !شیاطین خمسہ سے کیا مراد ہے؟

سید سبطین حیدر:۔ ہر وہ عمل جس میں قرآنی اعمال نہ ہو شیاطینی عمل کہلاتا ہے زیادہ تر لوگ فرعون' شداد' ہامان' نمرود' ابلیس کی ارواح سے کام لیتے ہیں۔ یہ تمام ارواح خبیثہ یا شیاطین خمسہ کہلاتے ہیں۔ اگر کوئی شخص قرآنی آیت کی مدد سے ان کو جکڑ کر ان کی ارواح سے کام لے تو ٹھیک اور اگر کوئی ان کی عبادت اور پوجا پاٹ کر کے اپنا کام نکلواتا ہے تو وہ سخت عذاب اور گناہ کا مرتکب ہوتا ہے ایسے شخص نے سراسر شرک کیا نہ اُسکا دنیا میں کوئی حصہ ہے اور نہ ہی آخرت میں۔

س :۔ محمد ابصار ! کالے علم کرنے' کروانے والوں کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟

سید سبطین حیدر:۔ جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ کالا علم کرنے اور کروانے والا دونوں دائرہ اسلام سے خارج ہیں کالا علم خود ایک بہت بڑا شرک ہے لہذا ہم مسلمانوں کو کھل کر ایسے لوگوں کی مخالفت کرنی چاہیے جو یہ گندا کام کرتے ہیں۔ اللہ سے بڑی کوئی طاقت نہیں قرآن سے بڑا کوئی کلام نہیں۔

س :۔ محمد ابصار ! آپ اپنے مضامین تحفہ روحانیات کی معرفت پڑھنے والوں کو کوئی خاص پیغام دینا چاہتے ہیں؟

سید سبطین حیدر:۔ ہاں بالکل ضرور بہت سے دوست احباب یہ شکایت کرتے ہیں کہ ہم نے فلاں عمل کیا اور ہمیں کامیابی نہ ملی۔ اب اور کچھ بس نہیں چلتا تو صاحب مضمون سے شکایتیں شروع کر دیتے ہیں۔ ابصار بات یہ ہے کہ روحانیت کی دُنیا میں آپ کو بیشمار ایسے لوگوں سے واسطہ پڑیگا یا پڑ چکا ہوگا جو کہ اپنے آپ کو روحانیت کا حرف آخر سمجھتے ہیں۔ دراصل ایسے ہی لوگ ناکامی کا منہ دیکھتے ہیں جب تک آپ کسی کامل استاد یا کامل پیر کی زیر نگرانی کوئی ورد وظیفہ نہ کریں تو اس وقت تک کوئی کامیابی حاصل نہ ہوگی۔ کامیابی کیلئے خدمت اور محنت پہلی شرط ہے جس سے لوگ بھاگتے ہیں میں یہی کہونگا کہ تحفہ روحانیات ہو یا روحانی کتب ان تمام سے اگر فیض حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ آپ روحانی حلقہ بنائیں یا اپنا اُٹھنا بیٹھنا کسی کامل پیر یا روحانی استاد کی صحبت میں کریں تاکہ اعمال میں کامیابی مل سکے۔

جادوگروں کے خوفناک کالے علم کا توڑ

﴿حصہ دوئم﴾

تحریر
رضوان حسین شاہ
(ملتان)

محترم قارئین کرام گزشتہ ماہ تحفہ روحانیات میں جادوگروں کی اقسام کے حوالہ سے ایک مضمون شائع کیا وٹس ایپ اور موبائل فون میسیج کے ذریعے قارئین نے حوصلہ افزائی کی چند دوستوں نے اس معلوماتی مضمون کی تعریف کے ساتھ اس سلسلہ کو مزید بڑھانے کی درخواست بھی کی دوستوں کی اس خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ سلسلہ مزید بڑھایا جارہا ہے ورنہ ارادہ تو یہ تھا کہ کے اس ماہ کسی اور عنوان پر مضمون تحریر کروں۔

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں روحانی قلمکاروں کے انٹرویو کا سلسلہ گزشتہ ماہ سے شروع کیا گیا ہے اس خوبصورت کاوش پر میں ماہر روحانیات استاد محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اُنہوں نے اور مجلس مشاورت تحفہ روحانیات کے تمام ممبران نے ہم جیسے لکھاریوں کو اتنی عزت دی یہی وجہ ہے کہ میں پاکستان سے شائع ہونے والے کسی اور روحانی ماہنامہ میں میری تحریر نہیں ملے گی۔ جس کی بنیادی وجہ ہے کہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں لکھنے کے بعد آپ دوستوں کے ساتھ ساتھ ماہر روحانیات صاحب کا بھی پیار ملتا ہے اور ماہر روحانیات کا اخلاق اتنا اچھا ہے کہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میرا اپنا رسالہ ہے ویسے بھی پورے اور پاکستان' دُنیا پھر سے روحانیت کے طلبگار اسی رسالہ کو شوق سے پڑھتے ہیں جب اتنی عزت اللہ نے اس رسالہ سے دے دی ہے تو پھر دوسرے ایسے رسائل جو کہ لکھاریوں کو وہ عزت بھی نہیں دیتے جو دینی چاہیے ہم اُس میں کیوں لکھیں یہی وجہ ہے کہ میرا تو اس رسالہ سے مضبوط روحانی رشتہ ہے۔ ایک بار پھر دوستوں کی عزت افزائی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور بات کو آگے بڑھاتا ہوں۔

جادو کی پلٹ کرنا

غیر مسلموں کیلئے :۔ جب اس بات کا اندازہ ہو جائے کہ سائل پر جادو ہے تو اس عمل کے ذریعہ اس جادو کو اس جادوگر طرف لوٹا دیا جائے لیکن لوٹانے والے کو چاہئے کہ اس منتر کو پڑھ لے تاکہ جو بیر اس منتر کے تابع ہیں وہ اس کے مطیع و فرمانبردار ہو جائیں جس روز یہ جادو پلٹانا ہو اس دن سورج نکلنے سے پہلے غسل کریں تنہائی اختیار کریں۔ بخورات گوگل ہرمل لوبان کا استعمال کریں اور کچھ پھول خوشبودار' سات قسم کی شیرینی اپنے سامنے رکھیں جب تک ذیل کے منتر کا جاپ کرے کسی سے بات چیت نہ کریں اور گیارہ بار منتر پڑھ کر اپنے بائیں ہاتھ کی انگلی انگوٹھے کے پاس والی پر پڑھ کر پھونک لے اور اپنے چاروں طرف تین لکیریں گول حلقے کی طرح کھینچ لے اور اپنے ماتھے پر سیندور کا ٹیکہ جس کو تلک کہتے ہیں لگائے وہ منتر یہ ہے:

ھاتھ بسے ھنومنت بسے بھیرون بسے۔ تلا جو ھنومنت کا ٹیکہ کرے موھے جگ سنسار جو آئے مار مار کرتا جو دیکھے پائے لگنا ھنومنت بیر۔ پنجہ دے رھے بیر چھاتی توڑے۔ اوگنیا بیر مار بھسمنت کرے اس کو نرسنگھ بیر پر گھٹ گاجے بھیروں بیر آن پھرتی رھے جو ھمارے اوپر گھاٹو کھائے الٹ ھنومنت بیر مارے جل باندھوں پھل باندھوں۔ انرنایامن باندھوں تن باندھوں باندھوں کٹم اور کایا چیت چیت رھے پرانی ھنومنت کی اگن۔ پانی ھو جائے مھاراج وھراج بابا صاحب سمت کے پوتے وھرم کے تمھارا ھی آسرا ھے۔

جادو پلٹانے کا عمل

غیر مسلموں کیلئے :۔ خاتمہ سحر کے لوازمات پہلے سے لاکر رکھ لیا جائے دریا یا ندی کے کنارے سے تھوڑی مٹی لاکر اس کا پتلہ بنائیں وہ ایک کڑیل یعنی ٹھیکری میں رکھا جائے اور اسی ٹھیکری میں ایک ایک پتہ درخت بڑ، پیپل، گولر اور آم کا بچھا دیں اس کے اوپر کچھ پھول خوشبودار رکھیں پتلہ کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالیں، گل پتلہ پر گیرو پیکر ملایا جائے سیندور کا ٹیکہ اس پتلہ کے ماتھے پر لگایا جائے، کچھ گلگلے اور بڑے بتاشے رکھے جائیں تھوڑے آٹے اُرد دال گندھے ہوئے کا چراغ بنا دیں جس کو چومک کہتے ہیں۔ پھر اس میں تھوڑا سا تیل سرسوں کا، چار بتی ڈال کر روشن کریں پتلہ کو ایک طرف رکھیں پتلہ کے آگے ایک بیڑا ان کا رکھا

جائے پھر اس ٹھیکری کو سات سات بار مریض کے اوپر سر سے پاؤں تک اُتار کر آبادی سے باہر گھر سے مشرقی سمت کے رُخ لے جا کر جنگل یا میدان میں رکھ دے۔ دریا ہو تو دریا کے کنارے رکھ آئیں۔ لے جانے والا پیچھے مُڑ کر نہ دیکھے۔ اس تمام عمل کو ایک ہی شخص انجام دے جب کہ اس ٹھیکری کو بدن پر سے اُتارے اس وقت اس یہ منتر سات بار پڑھے خواہ کتاب سے دیکھ کر پڑھے یا زبانی پڑھے۔ منتر ذیل کا ہے

سونگ چکر کی پاڈری گل موتیوں کا ھار پدمنی نیکل لنکا کرے جو ھارلنکا ماتوت سمندر سے سوکھائی چلو۔ چوکی راجہ رام چندر کی دُھائی۔ کون بیر چلے۔ گستاخی بیر چلے۔ مستانی بیر چلے سوکھا چکے۔ سوا ھاتھ زمین کو سوکھنت کرتی چلے جل کو سوکھنت کرے۔ تھل کو سوکھنت کرے۔ پانی کو سوکھنت کرے لگانی کو سوکھنت کرے۔ چوڑی کو سوکھنت کرے۔ چڑیل کو سوکھنت کرے۔ بُھتنی کو سوکھنت کرے۔ بھوت کوسوکھنت کرے۔ پلید کو سوکھنت کرے۔ پلید کو سوکھنت کرے مٹی کی گرج چلے۔ شوکا چکر چلے۔ نہیں چلے تو مدد سوکھا کرے نہیں کرے تو مانا کا چوسا دودھ حرام کرے شبد سا چا چلو منترا یشر باچا۔ بعد میں کہے کہ جس نے جادو کیا ہے اس پر یہ ٹھیکری لوٹ جائے۔ چالیسویں دن وہ جادوگر اپنے کئے کی سزا پائے۔

اہل اسلام کو جائز نہیں کہ کفار و مشرکین کے منتروں اور ان کے دیوتاؤں سے مدد چاہیں یہ عقیدہ شریعت کے خلاف ہے خدا جانے ہو یا نہ ہو اور ایمان میں بھی خلل آئے۔ اپنی شریعت اسلامی میں سب کچھ ہے ملاحظہ فرمائیے۔

رد سحر بذریعہ درود شریف

برائے رد سحر یعنی کیا گیا جادو اس درود پاک کی برکت سے فوری ختم ہو جاتا ہے ایسے دوست احباب جو کہ قرآن و سنت کو اپنا ایمان مانتے ہیں شرک سے قطعی گریز کرتے ہیں۔ درود پاک میں شفاء اور نجات ہے ذیل کا درود پاک خاتمہ سحر کیلئے انتہائی قوی مانا جاتا ہے۔ اس درد پاک کو سورۃ مزمل کے پیالہ میں یعنی ایسا پیالہ جس پر سورۃ مزمل کندہ اور نقش بھی سورۃ مزمل کا بنا ہوا ہو (یہ معجزاتی پیالہ سورۃ مزمل ادارہ روحانیات سے مل جاتا ہے) اس پیالہ میں بعد نماز فجر 7 جگہ کا زمین سے پانی لیں۔ اب کنوں اور نلکوں کا دور نہیں اس لئے 7 گھروں سے موٹر کا پانی بھر لیں یا 7 مسجدوں کا پانی لے لیں یہ پانی ایک دن میں اکھٹا کریں۔ آپ خود اپنے لئے یہ عمل کرنا چاہتے ہیں تو بعد نماز فجر سورۃ مزمل کے اس پیالہ میں ڈالیں ذیل کا درود 21 بار پڑھیں۔ درود کے صدقہ طفیل جادو اور سحر کے خاتمہ کی دعا کریں۔ اب یہ پانی خود پئیں یا مریض کو پلائیں۔ مدت عمل 21 یوم ہے۔

وہ روحانی معالجین جو کہ دُکھی انسانیت کی خدمت بذریعہ قرآن پاک کرتے ہیں اُن سے گزارش ہے کہ وہ معجزاتی پیالہ ضرور اپنے پاس رکھیں اگر ممکن ہو سکے تو اپنے مریضوں میں بھی ضرور اس پیالہ کو تقسیم کریں تاکہ ہر ایک کا فائدہ ہو۔ اگر مریض آپ کے پاس چل کر آیا ہے تو اُسی وقت 21 بار ذیل کا درود پڑھ کر پیالہ پر دم کریں اور مریض کا پینے کیلئے دیں اگر مریض دور سے آیا ہو تو ہر بدھ کو مریض کو بلائیں دم شدہ پانی اسی پیالہ سے بوتل میں ڈال کر پینے کیلئے دیں اور مسلسل 3 بدھ اس مریض کو بلا کر یہ پانی استعمال کیلئے دیں لیکن یاد رکھیں کہ ہر بدھ 5 اناج کا صدقہ سوا کلو ضرور دیا جائے تاکہ عمل کی رجعت نہ ہو ورنہ یہ عمل پلٹ کر آپ کے اوپر آ سکتا ہے یعنی مریض تندرست ہو جائیگا اور اُسی روحانی یا جسمانی مرض میں آپ مبتلا ہو جائیں گے۔ صدقہ دینا لازمی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدِوَا ھَا وَعَا فِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَاھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَاھَا وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ دَائِمًا اَبَدًا O

دشمن مغلوب، خوف میں مبتلا

غلبہ دشمن ہو، ہمسائے تنگ کرتے ہوں یا بلا وجہ لڑائی جھگڑے کیلئے اکساتے ہوں تو ایسے حالات میں چاہیے کہ انتہائی پُر امن رہ کر ذیل کی عبارت عمل 313 بار صحرائی ریت یا بجری پر پھونک کر دشمن کی عمارت، دوکان یا مکان کی چھت پر ڈال دیں ان شاء اللہ دشمن خوف میں مبتلا ہوگا ہر حالت میں آپ کو کامیابی و کامرانی و فتح حاصل ہوگی۔ یاد رکھیں کہ یہ عمل اگر 3 روز سوموار، منگل اور بدھ کو بعد نماز عصر کیا جائے تو پُر تاثیر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط شھد اللّٰہ انہ لا الٰہ الا ھو الملٰئکۃ والو العلم قائمًا بالقسط، لَا اِلٰہَ اِلَّا ھو العزیز الحکیم ذالکم اللّٰہُ فانّی تؤفکون

ولو انّ قرانًا سیّرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلّم بہ الموتی بل اللّٰہ الامو جیمعا انّما امرہ اذا اراد شیئًا ان یّقول لہٗ کن فیکون اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ بل ھم فی لبس مّن خلقٍ جدیدٍ و ھو معکم اینما کنتم واللّٰہُ بما تعلمون بصیرٌ اِنَّ اللّٰہَ قویٌّ عزیز و من یّتوکل علی اللّٰہِ فھو حسبہ اِنَّ اللّٰہَ بالغ امر قد جعل اللّٰہ لکلّ شی ءٍ قدرًا واحاط بما لدیھم و احصٰی لا یتکلّمون اِلّا من اذن لہ الرَّحْمٰنُ وقال صوابًا. من ای شی ءٍ خلقہ من نطفۃٍ خلقہٗ فقدّرہ ذی قوّۃٍ عند ذی العرش مکینٍ مّتاع ثم اَمِیْنٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا باللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

مقابلہ میں جیت

جدید دور میں ریسلنگ ایک دلچسپ کھیل ہے لیکن لاہور اور گجرانوالہ کے اکھاڑوں میں اکثر و بیشتر کشتی کے مقابلے رہتے ہیں ان مقابلوں میں ہار جیت ہوتی ہے اگر آپ بھی کشتی مقابلے کا شوق رکھتے ہیں تو اپنے من پسند پہلوان کو ذیل کے کلمات مقابلے سے قبل 108 بار پڑھنے کیلئے دیں اور پھر کمال دیکھیں ان شاء اللہ جیت ہوگی۔

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا قوی یا قابض یا قادر یا مقتدر

دشمن کو ھار بھگانا

اگر کوئی ایسا دشمن ہے جو کہ ہر وقت پریشان کرتا ہے یا ایسا ہمسایہ جو کہ بلاوجہ شرارتیں کرتا ہے اور آپ کا جینا مشکل ہوا ہے۔ حسد اور بغض کی وجہ سے لڑائی جھگڑا کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا اور بہانے تلاش کرتا رہتا ہے ایسے بغض اور حسد رکھنے والے دشمن کیلئے ذیل کا عمل کریں۔ ہر پتھر کو اپنے دائیں ہاتھ کی مٹھی میں دبا کر عبارت عمل 9 بار پڑھی جائیگی پھر اس پتھر پر پھونکنا نہیں ہے بلکہ اپنے دائیں ہاتھ سے یہ پتھر ذیل کی ہدایت کے مطابق پھینک دینا ہے۔ مدت عمل 3 یوم ہے۔ اول آخر درود پاک کی بجائے تعوذ پڑھا جائیگا۔

ایک پتھر اپنی دائیں طرف پھینکے اور یہ پڑھے حسبی اللّٰہ کُلِّ شَیْ ءٍ

دوسرا پتھر بائیں طرف پھینکے اور کہے اَللّٰہُ یَغْلِبُ مِنْ کُلِّ شَیْ ءٍ

تیسرا پتھر اپنے آگے کی طرف پھینکے اور پڑھے لَا یَفِفُ لِاَمْرِ اللّٰہِ کُلِّ شَیْ ءٍ پھر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا باللّٰہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے۔

بدکار عورت کو سزا

جو عورت بہت ستائی اور تکلیف پہنچاتی دل کو رنجیدہ کرتی اور کسی طور سے باز نہ رہتی ہو تو اسے سزا دینے کیلئے کہ اسکے خون حیض جاری ہو۔ ایک لیموں کاغذی' ایک کانٹا سیہ جانور کا لیں۔ چاند کی آخری تاریخوں میں کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر آسمان کی جانب نظر رکھے جیسے ہی کوئی ستارہ ٹوٹے فوراً پڑھے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اس وقت قاف کو حلق کے اندر سے نکالے اور جلدی سے وہ کانٹا آدھے لیموں کے اندر گاڑھ دے' زبان سے کہے کہ عورت کا خون حیض جاری کیا میں نے باذن اللہ تعالیٰ اس وقت حیض کا خون جاری ہو جائے گا۔ چاہے جتنا ہی علاج کروایا جائے خون بند نہ ہوگا۔ پھر اس لیموں کو کسی ایسی جگہ رکھ دیں جب اس عمل کو ختم کرنا ہو تو یہ کانٹا لیموں سے نکال دیں۔

بدکار مرد کی سزا

دھنیا' خشک ککڑی کے بیج' خس کے بیج' اسی کے بیج' انار کی کلی' سماق' رائی بھنگ کے پتے' برادہ صندل سُرخ ہر ایک کا وزن برابر لیا جائے ان کو خوب باریک پیس کر گلاب کے پتوں کو کوٹ کر عرق نکالا جائے۔ پسی دواؤں کو ملا کر چنے کے برابر گولی بنا کر سایہ میں خشک کر کے اُن گولیوں کو ایسا بند کریں کہ ہوا نہ لگے جب کسی مرد کو نامرد کرنا منظور ہو تو کسی بہانہ سے اسبغول کے لعاب میں گھس کر مرد کے عضو مخصوص لگا نے کو دی جائے ایک ہفتہ میں تین دن تین گولی کا لیپ کیا جائے قوت مردی بالکل جاتی رہے اور اگر عضو مخصوص پر نہ لگا سکے تو چند دن تک پیٹھ کے پیچھے دونوں گردوں کی جگہ پر لگائیں۔

خاتمہ قوت مردمی

ایسا شخص جو کہ غیر عورتوں سے تعلقات رکھے اُسکی مردانہ قوت باندھنے کیلئے ذیل کا نسخہ استعمال کروائیں۔ عورت سے ہمبستری سے دل ہی نہ چاہے۔ سداب کے بیج ساڑھے تیرہ ماشہ۔ سوسن کی جڑ نو ماشہ، کلی انار ایک تولہ چھ ماشہ۔ خس خس کی ٹکیہ بنائی جاتی ہے اُس کے بیج نو ماشہ نیلوفر کے بیج ساڑھے تین ماشہ ان سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ایک جگہ ملا کر رکھ چھوڑیں ساڑھے چار ماشہ سکنجبین سرکہ دو تولہ میں ملا کر سات دن کھلائیں۔ مادہ منوہ پانی جیسا ہو جائے گا۔ قوتِ مردی مرد میں بالکل نہ رہے گی۔ شہوت بالکل ختم ہو جائیگی۔ ناحق نہ کریں ورنہ عذاب الٰہی نازل ہوگا۔

زہرہ مشتری تثلیث

تحریر:۔
راجہ اعجاز حسین
(کراچی)

اللہ کی حمد وثناء کرتا ہوں اُسکی نعمتوں کی تکمیل چاہتا ہوں اس کی عزت و جلال کے آگے سر جھکانے اور اس کی مصقیت سے حفاظت حاصل کرنے کیلئے اور اسی سے مدد مانگتا ہوں اسکی کفایت اور دستگیری کا محتاج ہونے کی وجہ سے جسے وہ ہدایت دے وہ کبھی گمراہ نہیں ہوتا جس کا وہ کفیل ہو وہ کبھی محتاج نہیں رہتا یہ حمد اور طلب امداد وہ ہے جس کا ہر وزن میں آنے والی چیز سے پلہ بھاری ہے۔

بعد حمد وثناء قارئین تحفہ روحانیات کیلئے ایک نہایت ہی اہم اور مبارک ترین وقت کے خواص لے کر حاضر خدمت ہوں برسوں سے علم جفر، علم نجوم کا طالب علم ہوں اور ان علوم سے اپنی بساط کے مطابق عوام الناس کو فیض پہچانے کی اپنی سی سعی کرتا ہوں جس کا اجر مجھے بارگاہ معصومینؑ سے بالکل حاصل ہو رہا ہے۔ اُمید ہے کہ ضرورت مند افراد اس سے فائدہ اُٹھا کر مجھے اپنی دعاؤں میں شامل رکھیں گے۔

ستارہ زہرہ اور ستارہ مشتری یہ دونوں سیارگان آسمانی کونسل میں سعد اکبر مانے گئے ہیں۔ دونوں کا تعلق روح، روحانیت، حُب، تسخیر، مال و دولت، عزت و شہرت سے ہے جب یہ دونوں سیارگان اپنی برجی حرکت کرتے ہوئے دائرۃ البروج میں 120 درجے کی نظر قائم کرتے ہیں تو یہ وقت پوری دُنیا کیلئے انتہائی سعد ہوتا ہے اور ہر نیک امر کی شروعات کیلئے انتہائی سعد مانا گیا ہے۔ جو کام اس وقت میں شروع کیا جائے کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ شادی، بیاہ، کاروباری سعت، تعمیر مکان، خرید و فروخت، جائیداد اور مالی اسکیموں میں شمولیت غرض یہ ہے کہ ہر سعد امر کیلئے انتہائی فائدہ مند وقت کہلاتا ہے جس میں تکمیل امور کیلئے روحانیت اور برکت کی ایک اضافی قوت شامل ہو جاتی ہے۔ یہ وقت ان لوگوں کیلئے بھی نہایت اہم ہے جنہیں مالی تنگی اس حد تک ہو جائے کے گزر بسر کیلئے بھی سفید پوشی کا بھرم رکھنا مشکل ہو گیا ہو ایسے تمام افراد جو تنگ دستی کا شکار ہیں ان کیلئے اس خاص ترین وقت سے فائدہ کے حصول کیلئے نقش تثلیث زہرہ و مشتری کا مکمل عمل تحریر کر رہا ہوں قارئین اس مجرب عمل سے استفادہ حاصل کر کے مجھے اپنی دعاؤں سے نوازیں گے یہ وقت یکم جون رات 12 بج کر 51 منٹ پر شروع ہوگا جس کا اختتام 02 جون دوپہر 02 بجکر 09 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران جن نیک ترین ساعت میں نقش تیار ہوگا ان کی تفصیل ادارہ یا مجھ سے معلوم کی جاسکتی ہے۔





یہ نقش معظم مجموعہ اسمائے عظام میں سے ایک اسم **يَارَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَوَارِثَهُ وَوَرَازِقَهُ وَرَاحِمَهُ** کا بنایا گیا ہے اور برسوں سے میرے مجربات میں ہے۔ اس نقش کی چال آتشی ہے جو نقش کے کونوں میں تحریر ہے اس کے مطابق نقش پُر کریں نقش کی دوسری جانب کندہ کرنے کیلئے طلسم بھی تحریر کریں جو کہ نقش مبارک کے ساتھ بنا دیا گیا ہے۔ نقش تیار کرنے کے بعد مذکورہ اسم مبارک کو 187 بار پڑھ کر نقش پر دم کریں۔ اور روزانہ اتنی مرتبہ ہی اپنے ورد میں رکھیں ان شاء اللہ 3 ماہ میں حالات کی تبدیلی خود آپکے سامنے ہوگی۔ دوکاندار حضرات بھی رجوع خلق کیلئے اس عمل سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ ہر ماہ ایسے ہی آنے والی نایاب نظرات کے تحت اعمال پیش کرتا رہونگا قارئین تحفہ روحانیات سے گزارش ہے کہ مجھے اپنی آراء سے ضرور آگاہ کریں۔

عامر تونسوی، بکسٹال نمبر2 میزان چوک کوئٹہ۔ 0345-8371586 ادارہ روحانیات

شرف مریخ

مریخ کی قوت' کالے جادوگروں سے نجات

تحریر :۔ عبدالرحمن (مسقط' عمان)

محترم دوستو شرف مریخ کے اس خاص موقع پر ایک خاص مضمون آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں مریخ کا تعلق طاقت' جادو اور مالی و معاشی روحانی بندشوں سے ہے شرف مریخ کے اس موقع پر بندش جنات اور کالے جادو کا توڑ' کالے جادوگروں شیطانی قوتوں سے جو لوگ مدد اور تقرب حاصل کر کے مخلوق خدا کو شدید مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں کبھی مالی و معاشی کبھی روحانی و جسمانی بندش تو کبھی رشتہ کی بندش کبھی بے اولادی' حوادث نا مرادیوں ذلتوں اور مایوسیوں ناکامیوں کی شکل میں یہاں تک کہ رفتہ رفتہ انسان کا سب کچھ ختم ہو جاتا ہے ان مصائب کا سامنا کرتے کرتے آخر کار تڑپتے ہوئے ان امراض کا علاج اور توڑ خاتمہ بندش کرواتے کرواتے خود بھی ختم ہو جاتا ہے۔ مذکورہ نقش نہایت مجرب ہے

کالے جادو کے خاتمہ کیلئے شرف مریخ کے وقت اس نقش کو 44 بار لکھ لیں سرخ روشنائی سے کاغذ پر تحریر کریں۔ یہ نقوش زعفران کی سیاہی سے لکھیں تو زیادہ بہتر ہے ورنہ چکنے کاغذ پر عام سیاہی سے بھی لکھے جا سکتے ہیں۔

1:۔ ان لکھے گئے نقوش میں سے 21 نقش الگ کر لیں ان نقوش کا فلیتہ بنا کر روزانہ بعد نماز عشاء اس فلیتہ کی دھونی مذکورہ بالا مسائل اور مصائب میں مبتلا مریض کو دیں۔

2:۔ دوسرے 21 نقش اس طرح استعمال کرنے ہیں کہ روزانہ ایک نقش پانی میں ڈال کر گھر یا مکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔

3:۔ 43 واں نقش کو 7 مسجدوں کے پانی کی بوتل میں ڈال دیں۔ یہ پانی روزانہ مریض کو پینے کیلئے دیں۔

4:۔ آخری 44 واں نقش حصار کی نیت سے مریض کے گلے میں ڈالنے کیلئے دیں تا کہ دوبارہ اُس پر جادو کے اثرات نہ ہوں لیکن یہ آخری نقش 21 یوم پورے ہونے کے بعد مریض کو دینا ہے۔

اس طرح کل 21 یوم کا عمل ہوا اللہ تبارک تعالیٰ نے چاہا تو ان شاء اللہ ان تین ہفتہ کی محنت سے ہر قسم کا جادو سحر بندش ختم ہو گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ تمام نقوش عین شرف مریخ کی سعد ساعت میں تیار کئے جائیں۔ نقش تیار کرنے والا پرہیز گار اور مقتدی ہو۔ 5 وقت کا نمازی ہو تو یقیناً تاثیر بھی اس قدر زیادہ ہو گی۔

اگر شرف مریخ کا وقت گزر چکا ہو تو کوشش کی جائے کہ عروج قمری ماہ نو چندا منگل کو یہ نقش لکھ لئے جائیں۔ ویسے یہ نقوش اوج مریخ یا عطارد مریخ تسدیس و تثلیث میں بھی تحریر کئے جا سکتے ہیں لیکن عام طور پر قارئین کو سیارگان کی ان نظرات کا اتنا علم نہیں ہوتا لہذا عروج قمری نو چندا منگل لکھ سکتے ہیں۔ نقش تحریر کرنے سے پہلے دال ماش سوا کلو اور تیار کرنے کے بعد سوا کلو گوشت کا صدقہ ضرور دیں اگر یہی نقوش شرف مریخ کی ایک ساعت میں تحریر نہ ہوں سکے تو دوسری ساعت میں باقی کام مکمل کر لیا جائے نقش تحریر کرتے وقت نیلے اور سیاہ رنگ کا لباس نہ پہنیں بخوارت شرف مریخ ضرور سلگائیں۔ تیز قسم کا عطر ضرور لگائیں سرخ رنگ کا جائے نماز استعمال کریں سر پر سرخ رنگ کا کپڑا ہو تو زیادہ بہتر ہے تمام نقوش لوہے کے قلم سے یا نب سے تحریر کریں۔

اگر چاہتے ہوں کہ ہمیشہ کیلئے جادوگروں سے جان بچی رہے 3X3 لوہے کی تختی پر عمارت کے کمروں کے مطابق نقش کو لوہے کے قلم سے کندہ کر لیں مثلاً کسی دوکان کیلئے چاہیے تو ایک نقش ہی کافی ہے اگر کسی مکان میں مثلاً 5 کمرے ہیں تو ہر کمرہ کیلئے ایک نقش کافی رہیگا۔ لوہے پر تیار کرنے کے بعد کسی بھی دیوار پر پوشیدہ طور پر یہ نقش لگا دیں کہ اس نقش کے اوپر کوئی خوبصورت سے قدرتی منظر کی تصویر لگا دی جائے۔ قرآنی آیت یا جاندار کی تصویر نہ لگائی جائے ان شاء اللہ جس گھر میں یہ نقوش لگے ہونگے وہاں پر دوبارہ جادو جنات یا بندش کے اثرات نہ ہو پائیں گے۔

ل	ش	ك	ر	ف	ر	ع	و
ش	ك	ر	ف	ر	ع	و	ن
ك	ر	ف	ر	ع	و	ن	غ
ر	ف	ر	ع	و	ن	غ	ر
ف	ر	ع	و	ن	غ	ر	ق
ر	ع	و	ن	غ	ر	ف	ش
ع	و	ن	غ	ر	ق	ش	و
و	ن	غ	ر	ق	ش	و	د

زہرہ کا عروج 'محبت میں کامیابی

محترم دوستو گزشتہ صفحہ پر شرف مریخ کے عنوان سے مطالعہ کیا اب اوج زہرہ جو کہ اس ماہ 12 مئی تا 13 مئی قائم ہو رہا ہے۔ جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ زہرہ تسخیر خلق اور بالخصوص تسخیر زن کا سیارہ مانا جاتا ہے اسی نسبت سے اوج زہرہ کیلئے ایک خاص عمل ارسال کر رہا ہوں یقیناً پسند آئیگا۔ اس عمل سے فوری اثر ظاہر ہوتا ہے یہ خاص عمل عین اوج زہرہ یا شرف قمر یا زہرہ قمر تثلیث وتسدیس میں کیا جائے تو اثرات فوری ظاہر ہوتے ہیں۔ میرے وہ دوست جو کہ نجوم کی باریکیوں کو نہیں جانتے نئے چاند کے پہلے جمعہ کو یہ عمل کر سکتے ہیں۔ صرف شرعی معاملات میں مثلاً بیوی نافرمان ہو یا وہ عورت جو کہ اپنے شوہر کو چھوڑ کر جا چکی ہو ان حالات میں یہ عمل پر تاثیر ہوگا ورنہ اللہ کے حضور جواب طلبی ہوگی ذیل کی عزیمت کو ایک کاغذ پر لکھ لیں ایلومینیم یا تانبہ کے چھوٹے برتن میں پانی ڈال کر یہ عزیمت ڈال دیں آگ پر اسکو جوش دیں اور 14 مرتبہ اس عزیمت کا ورد کریں۔ اس پانی کو مطلوب کے گھر کے دروازے پر چھڑک دیں یا رستہ میں چھڑکیں تو خیال رکھیں کہ پاک صاف جگہ ہو جہاں بے حرمتی نہ ہو۔ بخور لوبان ذکر میعہ 'سائلہ (سلارس) اور پھر حیران کن نتائج دیکھیں یہ عمل شیخ تیجانی کے ذخائر سے ہے۔ شیخ فرماتے ہیں کے طالب اپنے اس عمل سے اللہ کے عذاب سے ڈرتے رہنا۔

بِسْمِ اللّٰهِ أَطْلَقْتُ النَّارَ وَطَرَحْتُ بُخُوْرَ الْعُمَّارِ وَتَكَلَّمْتُ بِأَسْمَاءِ الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ الَّتِيْ تُزَلْزِلُ الْجِبَالَ وَتَنْشَقُّ الْبِحَارَ وَتَحْرُقُ الْعُصَاةَ وَالْعُمَّارِ :اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَيُّتُهَا الْمَلَائِكَةُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ بِأَعْضَاءِ (نام مطلوب معہ والدہ) مِنْ رَأْسِهَا إِلٰى قَدَمَيْهَا وَالْجَارِيُوْنَ فِيْ دَمِهَا وَلَحْمِهَا وَعُرُوْقِهَا وَمَفَاصِلِهَا أَنْ تَجْلُبُوْا وَتُهَيِّجُوْهَا وَأَزْعَجُوْهَا وَ إِحْرِقُوْا قَلْبَهَا بِمَحَبَّةِ (نام طالب معہ والدہ) حَتّٰى تَأْتِيَ إِلٰى (نام طالب معہ والدہ) وَلَا تَأْكُلُ وَلَا تَشْرَبُ وَلَا تَنَامُ وَلَا يَقِرُّ لَهَا قَرَارٌ لَا فِيْ لَيْلٍ وَلَا فِيْ نَهَارٍ بِحَقِّ شَاهٍ يَاهٍ تَاهٍ أَصْبَاؤُتَ هَيُوْتِ هَيْهُوْتِ اَبْرَمُوْتِ بَرْهَيُوْنِ تین مرتبہ ذٰلِكَ فِيْ أَنَّهَا إِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَإِحْتَرَقَتْ إِحْتَرِقْ قَلْبَ (نام مطلوب معہ والدہ) بِمَحَبَّةِ (نام طالب معہ والدہ) بِسَبْعِ قُدُوْرٍ مَلْقَةً عَلٰى بَابِ الْجَهْوْرِ وَهِيَ تَغْلِيْ وَتَفُوْرُ فِيْ قَلْبِهَا فَلَا تَبْرُدُ وَلَا تَهْمَدُ عَنْهَا لَا فِي الْعِشَاءِ وَلَا فِي الْبُكُوْرِ سِوٰى نَارٌ عَلٰى نَارٍ تَهُبُّ فِيْ صَدْرِهَا وَتَنُوْرُ حَتّٰى تَجُرَّهُ وَرَاهُ وَتَدُوْرُ وَتَبْكِيْ وَتَمُوْرُ وَسَنُوْرُ يَا سُكَّانَ هٰذَا الْمَكَانِ الْمَعْمُوْرِ الْحُضُوْرُ نَشَفَتِ الْبُحُوْرُ وَسَقَطَتِ الطُّيُوْرُ وَتَزَلْزَلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَالصُّخُوْرُ وَتَحَرَّكَتِ الْمَوْتٰى مِنَ الْقُبُوْرِ حَرِّكُوا قَلْبَ (نام مطلوب معہ والدہ) فِيْ مُحَبَّةِ (نام طالب معہ والدہ) بِنَارِ السِّحْرِ وَضَيِّقِ الصُّدُوْرِ فَسَحَبَتْ مِنَ الشُّعُوْرِ وَتَعَلَّقَتْ بِكَلَالِيْبِ الْمَحَبَّةِ وَهَيْجَانِ الْعِشْقِ وَطَيْرَانِ الْعَقْلِ بِالْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ إِنْ سَمِعَتْ ذِكْرَهُ هَاجَتْ وَ إِنْ بَعُدَ عَنْهَا هَامَتْ وَ إِنْ كَلَّمَهَا هَاجَتْ بِالْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ فَلَا يَنْفَكُّ عَنْهَا هٰذَا الْعَمَلُ حَتّٰى يَنْفَخَ إِسْرَافِيْلُ فِي الصُّوْرِ وَتَقُوْمُ الْمَوْتٰى مِنَ الْقُبُوْرِ وَ إِنَّ رَبَّكَ لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ إِسْرَعُوْا يَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْعَزِيْمَةِ بِحَقِّ كَفُوْقٍ بِمَغُوْقٍ عَطُوْفٍ خَطُوْفٍ بَيْغٍ سَنَدَ سَتَادِيْمِ هَاهِيَ أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا مَدْلَايِس يَا اِبْنُ مَيْمُوْنِ الْغَطَاسِ تَوَكَّلْ (نام مطلوب معہ والدہ) وَ إِمْسِكْهَا مِنَ الْقَدَمِ إِلَى الرَّاسِ وَطَيِّرْ مِنْهَا النُّعَاسَ وَحَرِّكْ قَلْبَهَا وَطَبْعاً بِالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ هَاهِيَ هَاجَتْ وَمَاجَتْ وَمِنْ عَوَايِلِ السِّحْرِ هَامَتْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

روحانی حاضرات سے خفیہ معلومات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

کچھ لوگوں کے اصرار پر کہ آپ اپنے تجربہ شدہ حاضرات کے عملیات ہمارے خط میں بتادیں، اتنے خطوط آج کے دور میں علیحدہ علیحدہ لکھنے مشکل ہونے کی وجہ سے آپ کے خط میں لکھ دیا ہے، تحفہ روحانیات ماہانہ خریدتے رہیں اس میں مجرب حاضرات آپ کو مل جائیں گی، جب آپ کامیاب ہوں ''تحفہ روحانیات'' کی ترقی اور لکھنے والوں کی صحت، تندرستی اللہ پاک اور عطا کرے تاکہ تمہارے پاس نئے تجربات پہنچا سکیں، آمین۔

حاضرات نمبر1:۔اسم مبارک **یَا بَدُوحَ** کو روزانہ گیارہ سو بار باوضو علیحدہ جگہ نو چندی جمعرات سے شروع کریں۔ پڑھنے کے دوران کوئی دوسرا نہ ہو، خوشبو جسم پر لگا کر تصور حاضرات کھلے اکتالیس رات، رات بارہ بجے بیٹھ کر پڑھیں پھر اسی خیال میں سو جائیں گوشت ہر قسم منع ہے کسی سے جسم ملانا بھی اس عمل میں منع ہے، عمل سے پہلے سوا کلو گوشت دریا میں ڈال دیں، اکتالیس دن کے بعد ایک دیگ پلاؤ کی پکا کر رس یا یتیم خانے سے طلباء بچے بُلا کر قرآن پاک پڑھا کر ایصال ثواب کر کے تقسیم کریں خود بھی کھا سکتے ہیں، ایک صد بار روزانہ اسم مبارک پڑھتے رہیں ورنہ عمل ضائع ہو جائے گا، جب ضرورت ہو برنی لے کر موکلات سرکار ہدیہ کر کے یہ نقش لکھ کر بچہ/ بچی میں سے ایک کو پکڑا کر عطر کالی جگہ پر لگا کر باوضو ہو دیں خود چار سو بار یَا بَدُوحَ کا ورد کریں اور دم کریں، بچے کی آنکھوں پر اور تعویذ پر ایک بزرگ نظر آئے گا بچہ کے ذریعے سلام کر کے اپنا مقصد بیان کریں اگر پہلی بار حاضر نہ ہو تو دوسری بار پھر پڑھائی کر کے دم کریں، حاضر ہو جائے گا، اپنا جائز سوال کرنے کے بعد جانے کی اجازت دے دیں۔

بحق سلیمان بن داود علیہ السلام				
بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح	۷۸۶			بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح
	۲۰	۲۰	۲۰	
	۲۰		۲۰	
	۲۰	۲۰	۲۰	
	ف ۲۰ بدوح ۲۰			
یا بدوح یا بدوح یا بدوح				

حاضرات نمبر2:۔گیارہ رات اس عبارت کو ایک سو گیارہ بار رات بارہ بجے ورد کر کے سو جایا کرے، سو کر اُٹھنے کے بعد بات کرنے کی اجازت ہے۔ پھر کلام کے موکلات اور آقائے کائنات محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ کر حسب توفیق میٹھی چیز پکا کر تقسیم کرے، عمل سے پہلے اور آخری دن یہ کام کرنا ہے جب ضرورت ہو توے کی سیاہی عطر میں ملا کر بچہ کی ہتھیلی میں لگا کر دیکھنے کو دے خود یہ کلام گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اگر نظر نہ آئے تو دوسری بار دوبارہ پھر عمل کرے، ایک آدمی نظر آئے گا، اس سے صفائی کہے جب صفائی ہو جائے تو پانی چھڑکانے کا کہہ دیں جب یہ کام ہو جائے تو دربار لگانے کے لئے کہا جائے یہ کام ہونے پر بادشاہ سلامت آنے کو کہہ دیں جب آئیں اپنا سلام کہیں اور اپنا مطلب بیان کریں اگر ہاتھ پر حاضرات نہ کرنا چاہیں تو بچہ یا بچی کے ناخن پر سیاہی لگا کر عمل کریں، مجرب زبردست عمل ہے، اگر روحانیت ہے تو بغیر عمل کے بھی حاضرات ہوگی بعد میں شرینی منگوا کر تقسیم کر دیں، حاضری سے پہلے بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔ یہ اپنی مرضی منحصر کرتا ہے۔

عبارت حاضرات: ۔ **عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يَا مَهْلَائِيلُ يَا هَمَائِيلُ يَا تَفْتَائِيلُ يَا سَائِيلُ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اُحْضُرُوْ لِلْمُسَخَّرَاتِ وَالْحَاضِرَاتِ بِحَقِّ حَدُوْسٍ يَمْغَشَرَ الْجِنِّ وَالْاَرْوَاحِ وَالشَّيَاطِيْنِ اُحْضِرُوْ بِجَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ اُحْضِرُوْ اُحْضِرُوْ يَا مَعْشَرَ الْاَرْوَاحِ حَاضِرْ شُوْبِحَقِّ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رسول اللّٰه**

حاضرات نمبر3:۔یہ سریانی زبان میں ہے تجربہ شدہ ہے لیکن باعمل ہونا ضروری ہے انسان کو چلہ کی ضرورت نہیں۔

عبارت عمل: يا هلعطوناش يَا عَطْلِمُوْشِ يَا هَلْعِلُوْشِ يَا جَلْجَمِيشِ يَا جَمْلِيْشِ يَا طَقْطَقُوْشِ يَا شَقْطَطَهُوْشِ اَجِبْ وَحَضْرُوْنِي فِيْ مَنْهَ لِيْ۔

طریقہ استعمال: ۔اس کو بچہ یا بچی کے ناخن پر سیاہی لگا کر خوشبو لگائیں اور بچہ کو کہیں نظر جما کر دیکھے خود سات بار پڑھ کر بچہ پر دم کریں

ایک یا دو آدمی حاضر ہوں گے، سلام کے بعد اپنا مدعا بیان کریں اگر پہلی بار پڑھنے پر نہ آئے تو دوسری بار دم کریں حاضر ہوں گے یہ شرارتی ہیں، دو تین بار ایک بات کہیں اگر تینوں بار وہی جواب ملے تو پھر اس پر عمل کریں، شاید اس سے آسان عمل آپ کو زندگی میں مشکل ملے جب اپنے لئے دُعا کریں تو ادارہ روحانیات اور محمد ایاز مزمل شاہ صاحب کے لئے خصوصی دعا کریں، اللہ پاک ان کے کام میں ترقی دیں، بعد میں شیرینی تقسیم کریں برجعت سے محفوظ رہیں گے۔

حاضرات نمبر 4:۔ بچے کو نہلا دُھلا کر وضو کرائیں بچہ کا منہ کعبہ کی طرف ہو اپنا منہ بچہ یا بچی کے سامنے ہو خود بھی باوضو ہوں اور خوشبو جسم پر اور انگوٹھے پر سیاہی لگانے کے بعد چھڑک دیں، نماز اور اذان کا وقت نہ ہو، بچہ کے انگوٹھے پر اکیس بار سورۂ فاتحہ شریف کی تلاوت کریں، آیت مبارک **مالك يوم الدين** ہر بار سات تلاوت کریں، تصور حاضرات کا کر کے تعداد پوری کر کے بچہ کی آنکھوں اور انگوٹھے پر دم کریں، ایک منٹ بعد پوچھیں سامنے کوئی حاضر ہوا ہے، اگر کچھ آیا تو زبان سے سات بار دُہرائیں، شاہ جنات کا تخت حاضر ہو، سلام کے بعد اپنا مقصد بیان کریں، جو جائز ہو اور اس کا حل دریافت کریں، بعد میں شکریہ ادا کر کے جانے دیں۔ تعداد روزانہ 101 بار اور مدت عمل 40 روز ہے

حاضرات نمبر 5:۔ ذیل کے کلام کا روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس بار تلاوت کرے، چالیس دن پورا کر کے ایک دیگ پکا کر سرکار دو عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ وبارک وسلم کا ہدیہ کریں اور تقسیم کریں، پھر تین سو تیرہ بار ورد میں رکھیں جب ضرورت ہو بارہ سالہ بچی یا بچہ کو وضو کر کے سامنے جانماز پر بیٹھا کر تین سو تیرہ بار عمل پڑھ کر بچہ کی انگلی پر جس پر سیاہی لگی ہو دم کرے اور سلام حاضری ہونے پر اپنا مقصد بیان کرو بعد میں شکریہ کے بعد رخصت کر دو اگر کسی کو عمل کی اجازت دیں تو یہ نہ کہیں میں اس کا عامل ہوں اور میرے عمل میں ہے اگر کہیں گے تو حاضرات بند ہو جائے، میں یہ آزما چکا ہوں اس لئے آپ کو بتا دیا ہے جو اختلاف رکھتے ہوں وہ نہ کریں ان کا کام نہیں ہوگا۔ مثل مشہور ہے پیر کامل نہیں یقین کامل ہے۔ کیونکہ یقین کے بیڑے پار ہیں۔

يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

حاضرت نمبر 6:۔ رات کو علیحدہ جگہ بیٹھ کر باوضو عبارت عمل دو ہزار بار پڑھا کرے اکتالیس رات کے بعد عمل قابو میں آجائے گا، رات کو سوتے وقت بزرگوں کی زیارت ہونی شروع ہو جائے گی، کسی کو نہ بتائیں، اس کے بعد تین سو بار روزانہ تلاوت کریں تا کہ عمل قابو میں رہے

جب ضرورت بچہ کو وضو کرانے کے بعد ناخن پر سیاہی کالی میں عطر ملا کر لگائیں پاس شیرینی رکھ کر ختم شریف پڑھ کر عمل عبارت ایک سو ایک بار دم کریں یہ طریقہ تین بار کریں، حاضرات ہو۔ اپنے مقصد کا سوال کریں، مکمل درست جواب ملے گا، اس عمل میں چلہ کے دوران جلالی جمالی پرہیز لازمی ہے، البتہ زیارت کی نیت سے عمل کرنے میں شرعی پرہیز کے علاوہ اور کوئی پرہیز نہیں، عمل سے پہلے تین دن استغفر اللہ کا ورد سو الاکھ کر لیں تا کہ غلاظت دور ہو، روحانیت مسخر جلد ہو، اگر کوئی عبارت کسی کو سمجھ نہ آئے تو خود آ کر پوچھ سکتا ہے یا خط لکھ کر جو عبارت سمجھ نہیں آ رہی لکھ دیں۔ زیر زبر لگا کر بھیج دی جائے گی۔ فون کے ذریعے کوئی جواب نہیں ملے گا۔

عبارت عمل: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

يَا شَيْخ عَبْدُ الْقَادِر شَيْاءً لِلّٰه

ماہر روحانیات سے اندرون ملک رابطہ کیلئے روزانہ صبح 10 تا 01 بجے ہیلپ لائن پر اپنے مسائل اور عملیات بارے میں راہنمائی لے سکتے ہیں۔ علاوہ جمعہ المبارک 0092-300-6351192

اس کے علاوہ جو لوگ Skype پر رابطہ کرنا چاہیں وہ اپنی Reqest اس ID پر Send کریں۔ Ayyaz.Muzammil

Facebook استعمال کرنے والے قارئین اپنی Reqest اس ID پر Send کریں Ayyaz Muzammil

کیونکہ اکثر و بیشتر ماہر روحانیات بیرون ملک سفر کی حالت میں رہتے ہیں اس دوران فوری رابطہ کیلئے درج بالا ID پر راہنمائی لے سکتے ہیں۔ فوری رابطہ نہ ہونے کی صورت میں اپنا Message Send کر سکتے ہیں۔ Star.World92@hotmail.com

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں۔

0300-6351192

شرف مریخ

لوح غلبہ قوت و نصرت

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء
(کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم! سیارہ مریخ کو اس ماہ شرف 9 مئی کو شب 3:19 سے لے کر 11 مئی کی صبح 11:43 تک ہوگا۔ مگر واضح رہے کہ جدید آسٹرولوجی، (ایس، اے، ایف) سسٹم کے مطابق کسی بھی سیارے کی قوت وضعف کا معیار واصول الگ ہیں جو کے صحیح وفطری نظراتی اصول ہے، بہر حال آپ اپنے شہر کے مطابق سعد ساعات مریخ کا انتخاب کر کے لوح تیار کریں۔ سیارہ مریخ غلبہ قوت اور ہمت وجرأت سے منسوب ہے اور سیاروی کا بینہ کا سالار اعظم ہے۔ مریخ مذکر مردانہ صفت خشک آتشی مزاج ہے وہ لوگ جن کا ستارہ مریخ ہے یا پھر ان کے زائچہ پیدائش کے سعد گھروں میں سے کسی ایک گھر کا حاکم ہے یا خاص کر زائچہ کے خانہ 9,5,3,1 گھروں میں سے کسی کا حاکم ہو۔ کیونکہ زائچہ کے یہ گھر بڑی اہمیت کے حامل ہیں ان گھروں کے حاکم کی کمزوری، قوت وصحت میں کمی، سر درد، ذہنی تناؤ، ہمت وحوصلہ میں کمی، تعلیم، عقل وشعور، یاداشت، مذہب، اولاد، خوشی، غیر ممالک کے سفر روحانیت، اعلیٰ تعلیم، سرمایہ کاری، اور دیگر اہم امور میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے اس کے علاوہ مریخ سے منسوبی کمزوری قوت وہمت کا فقدان پیدا کرتی ہے۔ کسی بھی فرد کے زائچہ پیدائش میں مریخ کمزور یا ناقص اثر رکھتا ہے تو انہیں لوح مریخ بنا کر دی جاتی ہے تاکہ وہ ایک کامیاب زندگی گزار سکیں نیز لوح مریخ، سحری وآسیبی اثرات کے خاتمے وبچاؤ کیلئے بھی بے حد مفید ہے۔

چال نقش



نقش لوح مریخ



اس کے علاوہ قوت وشجاعت اور ہر قسم کے مقابلے میں کامیابی کیلئے اور امراض جگر وخون کی کمی کے لئے بھی مفید ہے۔ لوح مریخ کو اسٹیل یا تانبے کی تختی پر کندہ کریں کندہ کرتے وقت کوئی بھی تیز خوشبو لگالیں۔ اور جلانے کے لئے بخور سندرس، قسط رائی وغیرہ ہیں۔ ملائکہ میں حضرت عزرائیل علیہ سلام سے مریخ کا تعلق اور ان کا ورد اسمائے الٰہی "یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ" ہے دونوں اسمائے الٰہی کے اعداد ابجد قمری دوسو اکسٹھ 261 ہیں شرف کے وقت سے پہلے گول لوح پر دائرے اور ستارہ داؤدی پہلے سے بنالیں اور نقش کے اضلاع بھی لکھ لیں اس کے بعد شرف میں مریخ کے ساعتوں میں نقش کے اندرونی خانوں میں اعداد بھرنے ہیں نقش کی چال کو مدنظر رکھتے ہوئے۔

(چال سے مراد نقش کے خانوں کی وہ ترتیب ہے جس کے مطابق نقش بھرا جاتا ہے) نقش بنانے سے پہلے ۸۶ لکھیں پھر ستارے کے خانوں کو بھریں نقش کا پہلا خانہ وہ ہے جس میں اعداد ۸۴ لکھے گئے ہیں اور آخری خانہ ۹۰ ہے ۸۴ سے ۹۰ تک خانوں کو ترتیب وار بھرتے جائیں تو نقش درست طریقے پر مکمل ہوجائے گا۔ خانوں میں اعداد لکھنے کے بعد دائیں وبائیں مریخ سے منسوب حروف نورانی اَلٓمٓ اور صٓ لکھیں پھر متوکلات و طلسم لکھ کر لوح کو مکمل کرلیں اور نوچندے منگل کو صبح سورج نکلنے کے فوراً بعد پہن لیں یا پھر کسی مناسب اچھے وقت میں پہنیں اور روزانہ 261 مرتبہ "یا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ" کا ورد کریں۔

وظائف رمضان

محترم قارئین رواں ماہ رحمتوں و برکتوں بھرا مہینہ رمضان المبارک کی آمد بھی ہے رمضان المبارک کا چاند ان شاء اللہ 16 مئی بروز بدھ کو نظر آئے گا کیونکہ شمس وقمر کا قران 15 مئی کی شام 4 بجکر 48 منٹ 53 سیکنڈ پر ہے اس لحاظ سے پہلا روزہ ان شاء اللہ 17 مئی بروز جمعرات کو ہوگا۔

عزیزان من ماہ رمضان المبارک کیلئے چند مجرب وظائف حاضر خدمت ہیں تمام وظائف مجرب ہیں اعتقاد ویقین کے ساتھ کیا گیا ہر عمل اللہ کی بارگاہ میں قبول ہوتا ہے رمضان کا چاند نظر آنے کے بعد اس رات تراویح پڑھ کر

ایک بار سورۃ مزمل پڑھیں اسی طرح دوسری رات دو مرتبہ، ہر رات ایک ایک بڑھاتے جائیں 29 رمضان المبارک کو 29 بار پڑھنی ہوگی جب اس طرح سورۃ پڑھ لیں تو اپنی جمیع حاجات کے لیے یا پھر کسی مخصوص کام کے لیے دُعا مانگیں دُعا سے پہلے جتنی بار سورۃ پڑھیں تمام کا ثواب آقائے دو جہان جمیع انبیاء واصحابِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچائیں ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

سخت دل شوہر یا بیوی: جس کا شوہر ناراض ہو یا گھر کی طرف سے بے پرواہ ہو یا بیوی ناراض ہو تو رمضان کی پہلی رات سے لے ہر روز گیارہ مرتبہ **یا لطیف یاودو** پڑھے اول و آخر گیارہ بار درود پاک بھی پڑھے اور تصور میں ناراض شوہر یا بیوی کے دل پر پھونک دیا کرے اور جب **لیلۃ القدر** کی رات آئے تو اس رات گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لیں اور ہر مرچ پر یہ عمل 40 بار پڑھ کر پھونک دو اور مرچ آگ میں ڈال دو تاکہ جل جائے ایک مرچ پر چالیس بار پڑھنے سے گیارہ مرچ پر 440 بار مکمل ہوگا مرچ چاہے ایک ساتھ ڈال دو یا پھر ایک ایک کرے ان شاء اللہ ناراض فرد آپ پر مہربان ہوگا۔

وظیفہ برائے رشتہ: یہ عمل گیارھویں روزے، بارھویں شب کو تراویح کے بعد یا تہجد کے بعد کیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی (جو نماز میں پڑھا جاتا ہے) پھر ۱۲ رکعت نفل (دو رکعت کر کے) پڑھی جائیں، ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد بارہ مرتبہ سورۃ الفیل پڑھی جائے۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اس پورے عمل کا ثواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا دیا جائے پھر پانچ منٹ بعد پورے یقین سے شادی کیلئے دُعا کریں اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائے اللہ نے چاہا جلد از جلد شادی کے اسباب بن جائیں گے۔

لوح تحفظ معجزاتی

لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے جادو سحر، جنات، بلیات، تعویزات کے اثرات دوبارہ نہیں ہوتے اس لوح کی برکت سے دشمن منہ کی کھاتا ہے اگر کوئی دشمن آپ پر مسلسل جادوئی حملے کر رہا ہے اور ان حملوں کی وجہ سے آپ تباہ و برباد ہوتے جا رہے ہیں یا ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی ایسی کرامتی لوح ہے کہ اس کے پاس رکھنے سے دشمن کا کیا گیا وار ضائع ہو جاتا ہے یا وہ وار واپس دشمن کی طرف پلٹ جاتا ہے اور پھر دشمن اس عذاب میں خود مبتلا ہو جاتا ہے کہ جو عذاب، تباہ و بربادی وہ آپ پر مسلط کرنا چاہتا تھا۔

وہ مایوس افراد جو کہ عاملین کے پاس جا کر مایوس ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے بے شمار لوگ اب زندگی بھر جادو، تعویزات، جنات کے اثرات کے بغیر خوشحال زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس لوح کے پاس رکھنے کے بعد دوبارہ تاحیات جادو کے اثرات نہیں ہوتے۔ **ہدیہ لوح 4200 روپے**

لوبان ہرمل بھگائے مکھی، مچھر اور کھٹمل

(تحریر:۔ راجہ ذیشان جمل (میرپور آزاد کشمیر)

گرمی کی آمد ہے بلکہ کئی شہروں میں تو بھرپور طریقہ سے گرمی شروع ہو چکی ہے۔ 10 اپریل جب اس موضوع پر لکھ رہا ہوں تو ہمارے کشمیر میں ابھی ٹھنڈک ہے۔ اہلیاں کراچی کھٹملوں سے تنگ ہیں۔ اہلیان پنجاب مچھروں کے ستائے ہوئے ہیں خاص کر ڈینگی۔ اہلیان کے پی کے مکھی جیسی مخلوق سے تنگ آئے ہوئے ہیں۔ گویا کہ پورا پاکستان کھٹمل، مکھی اور مچھر سے تنگ ہے گزشتہ دنوں ٹی وی پر ایک ٹاک شو دیکھ رہا تھا۔ مہمان سیاست دان مکھی سے بہت تنگ تھے کیونکہ ٹاک شو کی براہ راست نشریات تھیں دیکھا گیا کہ وہ مکھی کبھی اُن صاحب کے قیمتی سرخ سپید گال کو بوسہ دیتی وہ اُسے وہاں سے اُڑاتے تو کبھی ماتھے پیشانی کو چوم جاتی۔ کافی دیر تک یہ موصوفہ اسی طرح تنگ کرتی رہی میں نے سوچا بالکل یہی حال آپکا اور ہمارا ہے یعنی ہمارے پاکستان کے سیاست دان کو کچھ دیر کیلئے مکھی تصور کر لیا جائے کہیں نہ کہیں سے گھوم پھر کر ہمارے چہرے پر آ بیٹھتے ہیں خیر جانے دیں۔

بہر حال کھٹمل، مکھی اور مچھر سے نجات کیلئے گوگل اور ہرمل اپنے گھروں میں بہت زیادہ مقدار میں کوئلوں پر سلگائیں کہ کثیر طور پر دھواں کمرہ میں بھر جائے۔ گرمی کے آغاز، درمیان اور آخر میں اگر اسی طرح سے کر لیا جائے کہ گھر کے ہر کمرہ میں گوگل، ہرمل و لوبان کا دھواں بھر کر اس کمرہ کو 2 یا 3 گھنٹے کیلئے بند کر کے چھوڑ دیا جائے تو آپ کی گرمیاں بہت پُرسکون گزریں گی۔ جن گھروں میں دیمک لگ جاتی ہو ان شاء اللہ اس ترکیبے دوبارہ اُن گھروں میں دیمک نہ لگے گی۔ گوگل، ہرمل اور لوبان میں خاص روحانی طاقت بھی پائی جاتی ہے اس کی زیادہ مقدار میں دھونی دینے سے کئی ہفتوں تک خوشبو کا احساس رہتا ہے۔ نحوست، جادو اور نظر بد بھی ختم ہو جاتی ہے۔

ایک بار مجھے راولپنڈی جانے کا اتفاق ہوا دوست کی ایک بڑی سی الیکٹرانکس کی دوکان تھی۔ صبح 11 یا 12 بجے کا وقت تھا کہ ایک ملنگ سر پر رنگ برنگی ٹوپی رکھ کر کاندھے پر کپڑے کی زنبیل لٹکائے بائیں ہاتھ میں لکڑی کی ایک مختی پر سلور کے تین برتن فٹ کئے دھواں دھار سا دوکان میں داخل ہوا۔ اُس نے دوکان میں داخل ہوتے ہی گوگل، لوبان اور ہرمل ان برتنوں میں ڈالا جن میں پہلے ہی کوئلے دہک رہے تھے مجھے یہ دیکھ کر بہت اچھا لگا کہ یہ مفت کی روحانی سروس ہے برکتوں اور رحمتوں کے ساتھ رزق میں اضافہ ہو جاتا ہے اور بیماریوں سے نجات الگ مل جاتی ہے۔ جس کے عوض دوکاندار نے اُس ملنگ کو صرف 10 روپے کا نوٹ تھمایا اور وہ ملنگ بھی خوشی خوشی دعائیں حق اللہ حق اللہ کی صدائیں لگاتا باہر چلا گیا۔

خصوصی عمل برائے رمضان المبارک

علم کیمائے اکسیر

زکوۃ حروف نورانی

تحریر:۔ جفار عالم عزیز الرحمن سروری قادری (حیدرآباد)

محترم قارئین کرام اسلام علیکمؒ! کافی عرصہ بعد عملیاتی اصول وقواعد پر مکمل اور مفصل مضمون تحریر کرنے کی اشد ضرورت پڑی تو میں نے سوچا کہ چند بنیادی اصول قارئین تحفہ روحانیات کی نظر کئے جائیں تا کہ قارئین تحفہ روحانیات طالب علم' عاملین حاضرات عوام الناس حتیٰ کہ میرے لئے بھی آسانی پیدا ہوجائے کیونکہ روز بروز کثرت سے عاملین وطالب علم حضرات مجھ سے رجوع کرتے رہتے ہیں اور بار بار یہ مسئلہ سامنے آجاتا ہے کہ کسی نے جنات' دیو' پری' موکل' ملائکہ' ارواح اور ہمزاد کے چلے کئے اور ہزاروں افراد درج بالا روحانی طاقتوں سے کسی بھی ایک طاقت کی تسخیر کر کے بے تاج بادشاہ بننا چاہتے ہیں لہذا ان تمام افراد کو ایک دوسرے سے بڑھ کر شکایت ہے کہ تسخیر نہیں ہوتا یا کیسے ہوگا؟ میرا تو یہی مشورہ ہے کہ بھائی اگر تسخیر روحانیات اتنا آسان ہو تو پوری دُنیا گھر بیٹھے عامل کامل ہوجائے افسوس کہ کتنی غلط فہمی میں دُنیا مبتلا ہے۔ واقفیت قواعد عملیات سے ٹکے کی بھی نہیں، تو چلے شہزادے! قابو کرنے ہمزاد کے۔

قارئین کرام روحانی علوم کی بنیاد چار پائے پر مشتمل ہے۔

1:۔ مجاہدہ 2:۔ مکاشفہ 3:۔ مشاہدہ 4:۔ مناظرہ جیسے ہندی سنسکرتی زبان میں انتر' منتر' جنتر اور تنتر کے نام سے بولا جاتا ہے۔ مزید تفصیل بیان کرنے سے معذرت چاہتا ہوں کیونکہ رسالہ تحفہ روحانیات کے صفحہ جات تحریر کیلئے قلیل ہوتے ہیں۔ لہذا موقع کی مناسبت اس مرتبہ قارئین کرام کی خدمت میں زکوۃ حروف نورانی کے نام سے حاضر خدمت ہوں۔

قارئین محترم !علم الغرض کوئی بھی ہو۔ مثلاً علم الرمل' علم قیافہ' علم النجوم' علم جفر میرے اندازے کے مطابق روحانی علوم کی ابتدائی عمل زکوۃ حروف نورانی ہے۔ جب تک طالب علم کو بنیاد معلومات نہ ہوگی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ وہ اچھا اور تجربہ کار عامل بن جائے۔ حروف نورانی کے ستر فوائد ہیں۔ بلا آخر منزل بہ منزل کامیابی وکامرانی' مشاہدہ ومناظرہ اسکی مقدر بن جاتی ہے اور پیر ومرشد روحانی استاد کی اجازت ونظر کرم سے بڑی سے بڑی روحانی قوت کو حاضر کر کے مشاہدہ بھی کرسکتا ہے اور تسخیر کرنے میں مسئلہ یا پریشانی کوئی نہیں ہوتی۔

میرے اس مضمون کا مقصد اُن تمام عاملین کیلئے ہے جو عرصہ دراز سے وظائف اور بڑے بڑے چلے کاٹ چکے ہیں اور کامیابی کے بجائے مایوسی کی رجعت اُن کے سر پر سوار ہوگئی ہے۔ اور طالب علم حاضرات جو روحانی علوم سیکھ کر عامل بن جائے کہ طلبگار رہوں تو بنیادی طور پہ علم الجفر کی ریاضت کریں۔ اللہ پاک کے فضل وکرم سے کامیابی قدم چومے گی۔

محترم قارئین کرام !اس زکوۃ حروف نورانی کی تفصیل بیان کرتا ہوں۔ رمضان المبارک کا چاند نظر آتے ہی پاک صاف لباس پہن کر نماز تراویح کی تیاری کریں اور بعد نماز عشاء باجماعت نماز تراویح ادا کریں اور ہر ایک رکعت میں حروف نورانی 100 بار پڑھیں۔ 20 رکعت نماز میں حروف نورانی 2000 بار پڑھی جائیگی اور رات 2 بجے نماز تہجد کی تیاری کریں اور پھر ایک رکعت میں حروف نورانی سورۃ فاتحہ وسورۃ اخلاص کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں گویا نماز تہجد میں چھ رکعت کے حساب سے 600 مرتبہ حروف نورانی پڑھی جائیگی۔ حروف نورانی کے عمل کو 15 رمضان تک پابندی سے پڑھتے رہیں۔ اس کے بعد روزانہ بعد نماز عشاء یا تراویح 1500 مرتبہ کلمہ طیبہ چاند رات تک پابندی سے پڑھتے رہیں۔ عیدالفطر کی نماز ادا کر کے حسب توفیق نیاز کا اہتمام کریں الحمدللہ آپ رمضان المبارک میں حروف نورانی کے عامل بن جائیں گے اور آپ سے بڑھ کر دُنیا کا خوش نصیب عامل کوئی نہیں ہوگا۔ حروف نورانی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

آلر کھیعص حٰمٓ قٓ نٓ عبارت بستہ :۔

صراط علیٌّ حقٌّ نمسکہ'

ترجمہ: ۔علی کا راستہ حق ہے اسے مضبوطی سے پکڑے رکھو الحمدللہ کہ سب حروف نورانی کا عامل کبیر ہوں حروف نورانی کا عمل دو تین طریقہ سے میرا تجربہ میں ہے حروف نورانی کی بابرکت عمل سے قارئین عاملین طالب علم عوام الناس مرد وخواتین دل کھول استفادہ کرسکتے ہیں۔ روحانی مسئلہ سے تعلق رکھنے والے افراد حروف نورانی کی مکمل روحانیت سے فائدہ لے سکتے ہیں بالخصوص فقہ جعفریہ سے تعلق رکھنے والے افراد مجھ سے یا ماہر روحانیات سے رجوع کریں ان تمام افراد کو انکے سلسلہ کے مطابق اجازت دی جائیگی۔

آسان عملیات

تحریر
ایس اے شہزاد
پشاور

السلام علیکمؒ ! پیارے دوستوں تحفہ روحانیات شمارہ مئی کیلئے چند آسان اعمال کے ساتھ آپ کی خدمت میں آیا ہوں۔ میرے ارسال کردہ آسان وظائف اور اوراد کی برکت سے اگر کسی ایک شخص کا بھی بھلا ہو جائے یعنی ایک شخص بھی ان سے فیض پالے تو میری نظر میں میرا مقصد پورا ہو جاتا ہے تحفہ روحانیات پاکستان اور دیگر ممالک میں پڑھا جانے والا ایک معیاری روحانی جریدہ ہے۔ یقیناً لاتعداد دوست روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات سے فیض حاصل کرتے ہیں اور آسان اعمال سے فائدہ اُٹھاتے ہیں پیچیدہ باتوں اور مشکل ترین اعمال روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع کرنے سے حتی الامکاں گریز کیا جاتا ہے۔ اپنے موضوع کی طرف چلتے ہیں۔

حاسد اپنی موت مر جائے

حسد کے مارے لوگ شریف لوگوں کو مختلف طریقوں سے پریشان کرتے ہیں ایسے حاسدوں سے نجات کیلئے ذیل کا دیا گیا وظیفہ روزانہ بعد نماز فجر کریں۔ لوبان کو کوٹ کر 11 مرتبہ سورہ الملک دم کریں اور روزانہ صبح اس کی دھونی پورے گھر میں دیں اس طرح کم از کم 7 روز کرنے سے ہر طرح کے جادو کے اثرات کا خاتمہ ہو جائیگا۔

بیماری ختم، صحت مند ہو جائیں

ذیل کا نقش اسم ذات اللہ کا ہے اس نقش کو بنانے سے قبل اسکی زکات ادا کی جاتی ہے۔ 66 عدد نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں بنائیں ان گولیوں کو دریا نہر یا سمندر میں ڈال دیں۔ نوچندی جمعرات سے روز 6666 بار یا اللہ 21 دنوں تک پڑھیں اول آخر ایک ایک بار درود شریف بھی پڑھیں اور نقش پردم کرتے جائیں۔ اس طرح آپ اس نقش کے عامل ہو جائیں گے۔ پھر 3 نقش بنا کر 66 مرتبہ یا اللہ کا ورد کیا جائے ذیل کا نقش لاعلاج جسمانی بیماریوں کے خاتمہ کیلئے بھی بہت مفید ہے۔ اس عمل کے آغاز سے قبل اور بعد میں صدقہ اور خیرات کیا جائے۔ سائل کیلئے یہ نقش زعفران کی سیاہی سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر آب زمزم سے دھو کر 7 دن تک پلایا جائے۔



حصول دولت مالا مال ہوں

غربت اور مفلسی مارے لوگوں کیلئے یہ ایک خاص تحفہ ہے قرض کی ادائیگی ہوتی ہے خلوص دل سے ذیل کا وظیفہ کریں اگر کسی کو مالدار ہونا ہو تو 13 دن تک 313 بار آیت الکرسی پڑھے اس کے پڑھنے سے آپ غنی ہو جائیں گے۔

بے روزگاری نہ رہے گی

بے روزگار افراد کیلئے یہ وظیفہ ایک خاص تحفہ ہے ان شاء اللہ اس وظیفہ کی برکت سے چند دنوں میں روزگار مل جاتا ہے۔ اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ کر 308 بار یا رزاق پڑھا کریں متواتر 7 جمعرات اسی طرح پڑھنے سے روزگار میں بے انتہا اضافہ ہو جائیگا۔

ظالم کے شر سے حفاظت

ظالم افسر یا ظالم مالکان کے شر سے حفاظت کیلئے اس وظیفہ کو کریں ان شاء اللہ ظالم اپنا ظلم چھوڑ دیگا اور ہمیشہ نرمی سے پیش آئیگا سرکاری ملازمین کے لئے نایاب تحفہ ہے جو کہ اکثر و بیشتر سرکاری اداروں کے افسران اپنے ماتحتوں پر ظلم کرتے ہیں۔ صبح و شام 216 بار یا جبار یا قھار کا ورد کریں۔

تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ سے

محترم دوستوں عرصہ دراز سے تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ گروپ بنایا گیا ہے جس میں روحانی قلمکار اور دوست شامل ہیں اس گروپ میں بہت سی مفید روحانی پوسٹیں کی جاتی ہیں۔ مجلس مشاورت کے متفقہ فیصلہ سے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ان شاءاللہ ہر ماہ 2 صفحات تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ کی معیاری اور معلوماتی پوسٹ شائع کی جائیگی۔

وہ دوست جو کہ تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ میں شامل ہونا چاہیں اپنے وٹس ایپ نمبر 92-300-6351192+ پر میسج کریں اور گروپ میں شامل ہونے کا پیغام بذریعہ وٹس ایپ میسج روانہ کریں۔

حجر اسود کی واپسی

07 ذی الحجہ 317ھ کو بحرین کے حاکم ابوطاہر سلیمان قرامطی نے مکہ معظمہ پر قبضہ کرلیا خوف وحراس کا یہ عالم تھا کہ اس سال کوئی حج بیت اللہ نہ ہوسکا۔ کوئی بھی شخص عرفات نہ جاسکا۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

یہ اسلام میں پہلا موقع تھا کہ حج بیت اللہ موقوف ہوگیا اسی ابوطاہر سلیمان قرامطی نے حجر اسود کو بیت اللہ سے نکالا اور اپنے ساتھ بحرین لے گیا پھر بنو عباس کے خلیفہ مقتدر باللہ نے ابوطاہر سلیمان قرامطی کے ساتھ معاہدہ کرلیا اس معاہدہ کے تحت 30 ہزار دینار میں حجر اسود کو واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ حجر اسود واپس خانہ کعبہ میں نصب ہوسکے۔ یہ واپس 339ھ کو ہوئی گویا کہ 22 سال تک خانہ کعبہ حجر اسود سے خالی رہا جب فیصلہ ہوا کہ حجر اسود کو واپس کیا جائیگا تو اس سلسلہ میں خلیفہ وقت نے ایک بڑے عالم محدث عبداللہ کو حجر اسود کی وصولی کیلئے ایک وفد کے ساتھ بحرین بھجوایا یہ واقعہ علامہ سیوطی کی روایت سے اس طرح نقل کیا گیا کہ جب شیخ عبداللہ بحرین پہنچے تو یہاں کے حاکم نے ایک تقریب کا اہتمام کیا جس میں حجر اسود شیخ عبداللہ کے حوالے کیا جانا تھا تقریب میں اس حاکم نے ایک پتھر جو خوشبو دار تھا خوبصورت غلاف سے نکالا اور کہا کہ یہ حجر اسود ہے۔ آپ اسے لے جائیں۔ محدث عبداللہ نے فرمایا کہ نہیں یہ ہمارا حجر اسود نہیں ہے حجر اسود میں 2 نشانیاں ہیں اگر یہ حجر اسود ہوگا تو یہ ان نشانیوں پر پورا اتر جائیگا جن میں سے ایک تو یہ کہ حجر اسود پانی میں ڈوبتا نہیں دوسری نشانی یہ کہ حجر اسود آگ میں بھی گرم نہیں ہوتا۔ بحرین کے حاکم کی جانب سے دیئے گئے پتھر کو پانی پر رکھا گیا تو وہ ڈوب گیا۔ اور جب اُسے آگ میں ڈال گیا تو وہ گرم ہوگیا۔ بلا آخر بحرین کے حاکم نے اصل حجر اسود منگوایا اور اس اصل حجر اسود کو ان دونوں پیمانوں پر پرکھا گیا یعنی پانی میں یہ پتھر ڈوبا نہیں اور آگ میں یہ گرم نہ ہوا۔ محدث عبداللہ نے فرمایا ''یہی ہمارا حجر اسود ہے اور یہی خانہ کعبہ کی زینت ہے یہی جنت والا پتھر ہے''

اس وقت ابوطاہر سلیمان قرامطی نے تعجب کیا اور پوچھا کہ یہ باتیں آپکو کہاں سے ملیں تو محدث عبداللہ نے فرمایا یہ باتیں جناب رسول اللہ ﷺ سے ملی ہیں کہ حجر اسود پانی میں نہ ڈوبے گا اور نہ ہی آگ سے گرم ہوگا۔ جب حجر اسود مسلمانوں کو مل گیا تو ایک کمزور اونٹنی پر لاد کر اسے مکہ المکرمہ کی جانب روانہ کیا گیا اس کمزور اونٹنی نے انتہائی رفتار کے ساتھ حجر اسود خانہ کعبہ پہنچایا۔ اس اونٹنی میں زبردست قوت آگئی کیونکہ حجر اسود اپنے مرکز یعنی بیت اللہ کی جانب بڑھ رہا تھا۔ اس کے برعکس جب حجر اسود کو جب بیت اللہ سے نکالا گیا اور بحرین کی جانب لے جایا جارہا تھا کمال باری تعالیٰ سے جس اونٹ پر حجر اسود لادا جاتا وہ اونٹ کچھ دیر بعد مرجاتا یہاں تک کے بحرین پہنچنے تک 40 اونٹ مرچکے تھے۔ (تاریخ مکہ الطبری)

ارسال کردہ:۔ ڈاکٹر عبدالرؤف نقشبندی (راولپنڈی)

جلد سونے کے فوائد

اس طریقہ سے اللہ نے ہمیں بنایا کہ رات کو سوئیں اور دن میں کام کریں

آج مجھے کچھ نیا پتہ چلا۔۔۔ **ایک قدرتی کینسر ویکسین کا**

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (ہم نے آپ پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ آپ مشکل میں ہوں) 20:02

اللہ نے ہم سب کے دماغ میں ایک ''گلینڈ'' رکھا ہے جسے'' پائنیل گلینڈ'' کہتے ہیں اسے انسانی جسم کا حیاتیاتی گھڑیال'' بھی کہتے ہیں اور یہ

ہمارے بصری اعصاب سے منسلک ہوتا ہے اتنا چھوٹا ہوتا ہے کہ مٹر کا دانہ ہر روز عشاء کے بعد یہ گلینڈ ایک مادہ تیار کرنا شروع کر دیتا ہے جسے میلاٹونین کہتے ہیں جو خون کی نالیوں میں بہتا ہے اور جسم کو کینسر سے بچاتا ہے۔

یہ صرف اندھیرے میں کام کرتا ہے اگر محض آنکھ ہی روشنی میں رہے تو بھی یہ کام نہیں کرتا کیونکہ اسے لگتا ہے کہ ابھی رات نہیں ہوئی۔

پھر اگر آپ رات کو بھی روشنی میں رہتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ خود کو قدرتی ویکسین سے محروم کر رہے ہیں۔

اللہ فرماتا ہے (ہم نے رات کے آثار ختم کئے اور روشن دن بنایا) 17:12

بدقسمتی سے ہم نے آج کل رات کے آثار کو دن کی نسبت زیادہ دیدنی کر دیا ہے کہ ہم رات بھر جاگتے ہیں اور سارا دن سوتے ہیں۔

ہمارے آباؤ اجداد جو رات کو جلد سونے اور جلدی جاگنے کے عادی تھے وہ کینسر کا شکار نہ ہوتے اور نہ ہی ایسی کسی بیماری کا جن کا آج کل ہم سنتے ہیں۔

فارمی مرغیوں پر ایک تحقیق کی گئی ایک قدرتی طور پر پلتی مرغی جو جلدی سوتی ہے اور کھانے کیلئے جلدی جاگتی ہے۔ جبکہ مصنوعی طریقہ سے رکھی گئی مرغی کھانا رات کو جگائے رکھ کر کھلایا جاتا ہے۔

30% کینسر مصنوعی طریقے سے پالی گئی مرغیوں کی وجہ سے ہوا جبکہ قدرتی طریقہ سے پالی گئی مرغیاں کسی بھی بیماری سے پاک تھیں۔

اللہ نے ہماری حفاظت کیلئے یہ قدرتی ویکسین ہمارے اندر رکھی ہے آئیں جلدی سو کر اس سے فائدہ حاصل کریں۔

یہ گلینڈ عشاء کے فوری بعد اپنا کام شروع کرتا ہے جو فجر سے 2 گھنٹہ پہلے تک جاری رہتا ہے۔

سبحان اللہ جیسا کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ فجر سے 2 گھنٹہ پہلے تک جو رات کا تیسرا پہر ہے۔

اپنے ہدایت نامہ (قرآن مجید) پر عمل کریں اور ہمیشہ تندرست رہیں۔ ان شاء اللہ

کینسر کا علاج احادیث سے بھی ثابت ہے اور سائنس دان سے بھی۔

یہ ایک ایسا شاندار قدرتی علاج ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے انسان کی تربیت اور نظام حیات میں رکھ دیا ہے

ارسال کردہ:۔ راجہ گلفام (ملتان شریف)

دل نورانی کرنے کا عمل

میرے بھائیوں جو شخص رات کو سونے سے پہلے بستر پر دل پر دائیاں ہاتھ رکھ کر 11 مرتبہ **یا باعث یا نور یا اللہ نور السموات والارض** اول آخر درود پاک 3 بار پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو منور فرما دیگا۔ اس کے دل کی دُنیا عجیب وغریب برکاتی ہوا جائیگی خاص طور سے یہ 5 برکات اسکو کلام الٰہی سے ضرور حاصل ہونگے۔

نمبر 1:۔ اللہ پاک اس شخص کے دل کو مرتے دم تک نورانی کر دینگے۔

نمبر 2:۔ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایسے شخص کو مرتے وقت کلمہ نصیب ہوگا۔

نمبر 3:۔ اللہ تعالیٰ کی جانب سے کشف کی اعلیٰ ترین کیفیت حاصل ہوگی۔

نمبر 4:۔ ایسا شخص اعمال کی لذت اور کیفیات حاصل کریگا۔

نمبر 5:۔ ذکر کرنے والے دل کو اللہ پاک موت نہیں دیتا یعنی اس کا دل ذکر قلبی اور وقوف قلبی کا مصداق بن جائیگا۔

لطائف

جس طرح جسم کے اعضاء ہوتے ہیں اسی طرح روح کے بھی اعضاء ہوتے ہیں روح چونکہ لطیف ہوتی ہے اس لئے اس کے اعضاء کو لطائف کہا جاتا ہے روح کے ایک عضو کو لطیفہ کہا جاتا ہے۔ انسانی اعضاء میں سے پانچ ایسے ہیں کہ ان میں سے کوئی بھی ایک عضو کام کرنا چھوڑ دے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ جیسے دل، دماغ، گردے، پھیپھڑے اور جگر انہیں اعجاء رئیسہ کہا جاتا ہے۔ اسی طرح روح کے بھی پانچ لطائف رئیسہ ہوتے ہیں اگر ان میں سے کوئی ایک بھی کام کرنا چھوڑ دے تو انسان کا اللہ تعالیٰ کے انوارات سے تعلق ختم ہو جاتا ہے۔ پانچ لطائف رئیسہ یہ ہیں۔ لطیفہ قلب، لطیفہ روح، لطیفہ خفی، لطیفہ سر اور لطیفہ اخفی جیسے جسم میں اعضاء کی جگہ مقرر ہے اسی طرح لطائف کی جگہ بھی روح میں مقرر ہے جس طرح ہر عضو رئیسہ کی مادی خوراک ہے اسی طرح روح لطیفہ کی بھی نورانی خوراک ہے ان انوارات کے مخصوص رنگ ہیں۔ اور ہر لطیفہ کا نور اللہ کی ذات سے اس لطیفہ پر کسی نبیؑ کے ذریعے وارد ہوتا ہے۔ ہر لطیفہ کی اپنے خاص مرض ہیں جب وہ بیماری اُس لطیفہ پر حملہ آور ہو تو اس روح لطیفہ کا تعلق اللہ تعالیٰ سے کمزور ہو جاتا ہے۔ شیطان انہی پانچ امراض سے حملہ آور ہوتا ہے وہ پانچ امراض لطائف سے اس طرح وابستہ ہیں۔

نمبر 1:۔ لطیفہ قلب مرض شہوت

نمبر 2:۔ لطیفہ روح مرض غصہ

نمبر 3:۔ لطیفہ خفی مرض لالچ

نمبر 4:۔ لطیفہ سر مرض حسد

نمبر 5:۔ لطیفہ اخفی مرض حسد

ارسال کردہ:۔ ذوالفقار علی (لاہور)

دولت خان نیوز ایجنٹ، چشتیاں 0308-7252045

Sugar cane گنے کا استعمال، قوت و طاقت کا خزانہ

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

گنا پودوں کی سلطنت کا اہم رکن ہے۔اس کے استعمال سے جسم کو سکروز کی صورت میں شوگر میسر آتا ہے۔اس میں پائے جانے والے گلوکوز اور فرکٹوز نشو ونما کے دوران بھی موجود ہوتے ہیں۔ گنے سے انسان کو سستی ترین توانائی بخش غذا حاصل ہوتی ہے۔گنا کی جڑیں سارا سال زندہ رہتی ہیں۔ اس کا قد 2.5 میٹر سے 4.25 میٹر تک ہوتا ہے۔اگر فصل کی دیکھ بھال اچھے طریقے سے کی جائے تو اس کی لمبائی میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔گنا کا تنا گول ہوتا ہے جس کی گولائی عموماً 2.5 سینٹی میٹر سے 8 سینٹی میٹر تک ہو تی ہے۔گنے کے تنے پر بہت زیادہ گرہیں ہوتی ہیں۔ہر گرہ کی لمبائی چند سنٹی میٹر ہوتی ہے۔گنے کو انگریزی زبان میں شوگر کین کہتے ہیں۔ایک خیال یہ ہے کہ شوگر کین کا لفظ سنسکرت لفظ شرکارا سے اخذ کیا گیا ہے۔گنا برصغیر میں اگایا جانے والا مقامی پودا ہے۔ہندوستان میں اس کی کاشت ویدوں کے دور سے کی جارہی ہے۔سکندر اعظم اور اسکی سپاہ 325 قبل مسیح میں اسے مغرب کی جانب لے گئے۔موجودہ زمانے میں گنے کی کاشت پوری دنیا میں کی جاتی ہے برصغیر پاک و ہند میں ساری دنیا سے زیادہ گنا کاشت کیا جاتا ہے۔کیوبا، شمالی امریکہ، چین، برازیل، میکسیکو، کولمبا اور جنوبی افریقہ کا نمبر ہندوستان کے بعد آتا ہے۔

گنے کی غذائی صلاحیت:۔ گنے کو بیلنے میں نچوڑ کر اس کا رس نکالا جاتا ہے۔اس کا رس فرحت بخش اور غذائیت بخش ہوتا ہے۔گنے میں تقریباً 15 فیصد قدرتی شکر پائی جاتی ہے۔گنے میں نامیاتی نمک اور وٹامنز بھی وافر مقدار میں پائے جاتے تھے اور اس کی کاشت بھی صرف اسی مقصد کے لئے کی جاتی تھی۔آج منطقہ حارہ کے تمام ملکوں میں اس کو چبا کر چوسنے کا رواج پھیل چکا ہے۔اس کا رس پینے کے ساتھ ساتھ شکر سازی کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔جب گرمی شدت سے ہو رہی ہوتی ہے تو اس کا رس تسکین پہنچاتا ہے اور مفرح بھی ہوتا ہے۔اس کے رس میں تھوڑا سا لیموں کا رس شامل کرلیا جائے تو اس کا ذائقہ بہت بہتر ہو جاتا ہے۔ایک سو گرام گنے میں رطوبت 90.2 فیصد، چکنائی 0.2 فیصد، کاربوہائیڈریٹس 9.1 فیصد، پروٹین 0.1 فیصد اور معدنی اجزاء 0.4 فیصد تک پائے جاتے ہیں۔

شفاء بخش قوت اور طبی استعمال:۔ گنے کا رس گردوں، آنکھوں، جنسی اعضاء، معدے، دل اور دماغ کو تقویت پہنچاتا ہے۔گنے کا رس کئی قسم کی بیماریوں کیلئے شفا بخش ثابت ہوتا ہے۔گنے کا رس وافر مقدار میں پینے سے پروٹین کی کمی سے ہونے والا بخار دور ہو جاتا ہے کیونکہ گنے کا رس پینے سے پروٹین کی کمی پوری ہو جاتی ہے اور بخار کی حدت اور شدت گھٹتے گھٹتے بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ گنے کا رس انسان کو فربہ کرتا ہے۔گنے کے رس کا متواتر استعمال دبلے پن کو دور کر کے وزن میں اضافہ کرتا ہے۔ گنے کے رس میں لیموں کا رس ملا کر پینے سے یرقان کے مرض میں مبتلا مریض تندرست ہو جاتے ہیں۔یرقان کے مریض کو پلایا جانے والا گنے کا رس صاف ہونا چاہئے۔بہتر تو یہ ہے کہ گنے کا رس بازار سے خریدنے کی بجائے گھر پر نچوڑ کر استعمال کیا جائے۔چونکہ ہیپاٹائیٹس میں انسانی جسم کی قوت مدافعت میں بہت زیادہ کمی واقع ہو جاتی ہے۔اگر گنے کا رس جراثیموں سے آلودہ ہوگا تو صورت حال مزید بگڑ سکتی ہے۔گنا چوسنے سے دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ہم جو روزانہ غذا استعمال کرتے ہیں وہ نرم ہوتی ہے اور دانتوں کو چبانے کی مشق ختم ہو جاتی ہے جبکہ گنا چوسنے سے دانتوں کی خوب مشق ہوتی ہے اور انہیں مضبوط بنانے میں مدد ملتی ہے۔ گنے کے پتے لمبے ہوتے ہیں۔ان پتوں پر پڑنے والی شبنم کو جمع کر کے آنکھوں میں ڈالنے سے بینائی کی خرابی، موتیا بند آنکھوں کی جلن، آشوب چشم کے علاوہ زیادہ پڑنے والا دباؤ ختم ہو جاتا ہے۔گنے کا رس پینے سے پیشاب کی قلت جیسی تکلیف دور ہو جاتی ہے۔گنے کا رس پیشاب کے اخراج میں اضافہ کر کے گردوں کے فعل میں باقاعدگی پیدا کرنے میں مدد کرتا ہے۔جسم میں تیزابیت کے اضافہ کی وجہ سے پیشاب جل کر آتا ہو، مریض امراض مخصوصہ کا شکار ہو، مثانے میں سوزش پائی جاتی ہو یا پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ گیا ہو یا سوزاک کی شکایت ہو تو پیشاب جل کر آتا ہے۔یہ اذیت ناک حالت ہوتی ہے۔گنے کا رس پیتے رہنے سے یہ ساری تکلیفیں کافی حد تک کم ہو جاتی ہیں۔اگر گنے کا رس میں لیموں کا رس بھی شامل کرلیا جائے ادرک کا جوس اور ناریل کا پانی بھی ملا لیا جائے تو زیادہ بہتر نتیجہ سامنے آتا ہے۔

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ

حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ

حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) جب بھی کوئی سیارہ اپنی شرفی درجات سے گزرتا ہے تو طاقتور ہو جاتا ہے ڈیڑھ سال بعد آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ ان دنوں درجہ شرف سے گزریگا اس دوران آپ آئندہ کی ناقص اور خراب صورتحال سے بچنے کیلئے اپنے حاکم سیارہ کی لوح شرف مریخ اس نایاب وقت میں ضرور بنوائیں۔ وہ افراد جو بااختیار عہدے پر ہیں یا کسی جماعت کے راہنما ہیں انہیں اس ہدایت پر خاص طور پر عمل کرنا چاہئے کہ تمام حملی افراد، ساتھ کام کرنے والوں سے تعلقات بہتر رکھنے کی کوشش کریں۔ موجودہ مقاصد اور جاہ طلبی پر اہم اثر ڈالے گا شاید کوئی موجودہ کام ختم کر کے کوئی بالکل مختلف کام شروع کر دیں گے۔ (9 تا 16) اس ہفتہ کے آخر میں سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ برج دلو میں داخل ہو رہا ہے یہاں اس کا قیام 16 مئی تا 11 ستمبر ہے۔ یہ سیارہ زوال اور بیقدری کا شکار ہوگا آپ کی قوتیں کمزور ہو سکتی ہیں۔ ہر کام محتاط انداز سے کریں خاص طور سے پنچائتی معاملات، لڑائی جھگڑا، آگ، ہتھیار اور اوزار کے استعمال میں محتاط رہیں۔ اس ہفتہ عطارد مریخ کی قائم نظر تربیع اس بات کی جانب اشارہ دے رہی ہے کہ عدالتی امور التواء ڈال دیں اگر انتہائی ضروری قانونی امور ہیں تو انکو نہایت احتیاط سے حل کریں خوب سوچ سمجھ لیں بغیر پڑھے کسی بھی کاغذ پر دستخط نہ کریں۔ (17 تا 25) اس ہفتہ شمس تثلیث مریخ کی نظر قائم ہو رہی ہے اپنے معاملہ کو کمزور پوزیشن میں کبھی پیش نہ کریں ناکامی سے گھبرانا نہیں چاہیے ورنہ آئندہ کامیابی کے امکانات ختم ہو جائیں گے۔ سُنی سُنائی اور اِدھر اُدھر کی باتوں پر نہ جائیں مندرمنڈل کر بات کا فیصلہ بہتر رہے گا۔ (26 تا 31) اس ہفتہ ایک اور سعد نظر قائم ہو رہی ہے اس سعد نظر کے تحت اپنے معاملہ کو مضبوط پوزیشن میں پیش کریں یقینی کامیابی مل سکتی ہے ہمت حوصلہ اور جرات مندی سے کام لیں۔ اپنا واقف بھرپور انداز سے پیش کریں۔ اس بات کا بھی یقین کر لیں کہ آپ کمزور نہیں یہ الگ بات ہے کہ مسائل بڑھنا شروع ہو جائینگے۔ اندرون ملک کسی نوعیت کے سفر کا امکان ہے جو نہایت سودمند ثابت ہوگا۔

(یکم تا 8) دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات پر قابو پانا ایک لازمی امر ہوگا ورنہ بنتے کاموں میں رکاوٹیں حائل ہونگی۔ نقصان کا خدشہ ہے۔ خفیہ حفاظتی امور کی انجام دہی سخت احتیاط کی طالب ہو گی۔ راز کے افشاء سے مادی نقصان کے علاوہ حیثیت وشخصیت پر حرف آنے کا بھی سخت احتمال ہے مخالفین درپے آزار نظر آتے ہیں۔ ملازمتی امور کی انجام دہی میں کامیابی نصیب ہوگی۔ کوئی نیا کاروبار کرنا بھی سودمند ثابت نہ ہوگا۔ زیر غور معاشی سکیموں پر عمل درآمد سے گریز کریں۔ ورنہ پریشانی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ دوران سفر صحت کا خیال رکھیں۔ (9 تا 16) اس برج کا حاکم سیارہ زہرہ 12 مئی کو درجہ اوج سے گزر رہا ہے جو کہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہے آپ اپنے رُکے ہوئے معاملات حل کر سکتے ہیں۔ من پسند فرد سے نکاح کا پیغام بھیجنا چاہیں تو یہ بہترین وقت ہے خواتین اپنے نسوانی حسن میں اضافہ کے لئے خاص لوح بنوا سکتی ہیں یا کسی شخص کی مکمل تسخیر کہ کبھی وہ آپ سے جدا نہ ہو یا ہمیشہ وہ آپ کے گن گاتا رہے۔ لوح یا نگینہ اوج زہرہ ادارہ سے ضرور بنوائیں۔ (17 تا 25) ان ایام میں زمین ومکان کی خرید فروخت یا تعمیر سے فائدہ کے امکانات پائے جاتے ہیں۔ سرمایہ کاری ریس لاٹری وغیرہ کے ذریعے سے بھی فائدہ ملے گا۔ معاملات حسن وعشق حالات سازگار رہیں گے۔ اولاد کی صحت کی حفاظت ایک لازمی امر ہے احتیاط کریں۔ (26 تا 31) وہ سیارہ جس کے زیادہ تر امور کا تعلق آپ کی زندگی سے ہے اس ہفتہ نحس نظرات قائم کر رہا ہے۔ ان ایام میں وہ افراد جن کی منگنی یا نکاح ہو چکا ہے اپنے سسرالی رشتہ داروں سے نرم رویہ رکھیں۔ جتنا ہو سکتا ہے بحث وتکرار سے گریز کریں کسی کے بھی جھگڑے میں بلاوجہ کودنے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ آپ کو لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) یہ ہفتہ اور آئندہ ہفتہ آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اس ہفتہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد ہبوطی درجات سے گزر رہا ہے معاملات کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کریگا۔ قریبی عزیز رشتہ داروں سے تعلقات بہتر رکھیے کسی سے لڑائی جھگڑا نہ کریں صحت کا خاص طور سے خیال رکھا جائے کیونکہ یہ وقت ڈپریشن کو بڑھنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ کسی بھی بات کو ذہن پر سوار نہ کریں۔ اپنے برج سے متعلقہ صدقہ ضرور دیں۔ (9 تا 16) آپکے برج کا حاکم سیارہ انتہائی گردش میں ہے تربیع کی نحس نظر عطارد اور مریخ کے درمیان قائم ہورہی ہے۔ افسران بالا یا والدین کے غضب وغصہ کو ختم کرنے کیلئے۔ بدھ کے دن ملے جلے اناج کا صدقہ دیں۔ فالتو بات سے گریز کریں اپنے کام سے کام رکھیں۔ بڑی عمر کی عورتوں سے رومانس کرنا تو اچھی بات نہیں یہ الگ بات ہے کہ وہ اگر آپ کو پسند کریں اور ان کی توجہ آپ کی جانب رہے۔ دوست دھوکہ دے سکتا ہے۔ (17 تا 25) اس ہفتہ عطارد تثلیث زحل کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ سیاسی وسماجی فائدہ ہوگا۔ اس سال شادی ہونے کا امکان بھی ہے۔ یہ سلسلہ عشق ومحبت میں کامیابی مل سکتی ہے۔ خوشی کی خبر بھی مل سکتی ہے قریبی عزیزوں اقارب سے معاملات کو بہتر بنائیں یہ وہ وقت ہے جب روٹھے ہوئے کو منانا آپ کے حق میں جاسکتا ہے۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 57 ہے۔ جسمانی صحت کا خیال رکھیں۔ اپنے مقصد پر یکسوئی رکھیں۔ وقار بلند رکھیں۔ (26 تا 31) گھریلو ماحول کو بہتر بنانے کے لئے اپنے مزاج کو تبدیل کریں۔ سخت مگر بے جان چیز کو بھی موڑنے کی کوشش کی جائے تو وہ بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ اپنے آپ کو احساس برتری سے نکالیں۔ کسی دوسرے کو حقیر نہ سمجھیں۔ کسی بھی شخص کے معاملات یا لڑائی جھگڑا میں مداخلت نہ کریں۔ گرما گرم بحث اور تکرار سے اجتناب کریں۔ مشہور ہے کہ انسان غصہ کی حالت میں ہی پہچانا جاتا ہے۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

